آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 26 | 14 جمادی الاول 1447 | جمعرات 06 نومبر 2025ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 271

زہران ممدانی: موروثی سیاست ختم، نیویارک میں اسلاموفوبیا کی کوئی گنجائش نہیں

مستقبل اب عوام کے ہاتھ میں ہے

عوام نے ثابت کردیا کہ طاقت ان کے ہاتھ میں ہے، جیت نیویارک کے محنت کشوں، تارکین وطن اور نچلے طبقے کی ہے جن کے ہاتھوں میں کبھی اقتدار نہیں دیا گیا

ایک ایسا شہر بنائیں گے جہاں زندگی کے اخراجات قابو میں ہوں، تعلیم و صحت سب کیلئے میسر ہو، اور عوام کے مسائل سننے والی حکومت ہو، نومنتخب میئر کا پہلا خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

کراچی کی تبدیلی نیویارک تک پہنچ گئی ہے، سید مراد علی شاہ

کراچی کے بعد نیویارک نے بھی نوجوان میئر چنا، وزیراعلیٰ سندھ کا تقریب سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

ایمان مزاری اور انکے شوہر ہادی علی چٹھہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

آڈیو لیک کیس، گنڈاپور کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

فرد جرم کی کارروائی موخر، علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ گولڑہ میں مقدمہ درج ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



کراچی، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ مقامی ہوٹل میں ڈی فیوچرسٹ کے نویں ایڈیشن کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کی کامیابیوں پر فخر، دوطرفہ تعلقات مضبوط بنائیں گے، امیر قطر

پاکستانی کمیونٹی کے کردار کی تعریف، تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کرنے کی خواہش کا اظہار، صدر آصف زرداری نے امیر قطر کو حکومت پاکستان اور عوام کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا

ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا، صدر مملکت نے قطر کی ترقی اور امیر قطر کی بصیرت افروز قیادت کو سراہا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

آئینی ترمیم، کوئی وزیر باہر نہیں جائے گا، وزیراعظم

دورے منسوخ، ستائیسویں ترمیم کے تناظر میں تمام وزرا اور ارکان پارلیمنٹ کو اسلام آباد میں رہنے کی ہدایت

اسپیکر قومی اسمبلی نے تمام پارلیمانی رہنماؤں کا اجلاس آج شام 4 بجے طلب کرلیا، اتحادی جماعت کو شرکت کی دعوت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



دوحہ، صدر آصف علی زرداری قطر کے نائب وزیراعظم شیخ سعود بن عبدالرحمٰن الثانی سے ملاقات کررہے ہیں

پیپلز پارٹی کا 18 ویں ترمیم پر سمجھوتہ نہ کرنے کا فیصلہ

حتمی منظوری سی ای سی سے لے جائے گی اور ملکی مفاد میں ہونے والے دیگر بیشتر ترامیم کو سپورٹ کیا جائے گا

پیپلز پارٹی اپنے ارکین سے آئینی ترامیم میں این ایف سی اور صوبائی خودمختاری سے متعلق رائے لے گی، ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



کراچی، گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کو پی آئی ایم ای سی فوڈ گالا اور کلچرل شو میں شیلڈ پیش کی جارہی ہے

اے آئی پر مبنی ترقی کیلئے ایکو سسٹم تشکیل دینا ہوگا، وزیر خزانہ

روایتی پارٹنرز ہمیں فنڈنگ فراہم کرتے رہے، اب سفارتی تعلقات کو سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے استعمال کریں گے، سینیٹر محمد اورنگزیب

وفاقی حکومت میں رائٹ سائزنگ کر کے 39 وزارتوں کو ضم کیا جارہا ہے، 24 سرکاری ادارے بیچنے کا فیصلہ کیا ہے، کراچی چیمبر آف کامرس میں خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31



کراچی، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کراچی چیمبر آف کامرس میں ممبران سے خطاب کررہے ہیں

ٹریفک نظام میں ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے، آئی جی سندھ

ضلع جنوبی میں قائم "ٹریفک سہولت مرکز" کا دورہ، شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور ان کے معیار کا جائزہ لیا

ان مراکز میں ایس پی، نمائندہ ڈی ایس پی، ایل سی اور ڈی ایس پی ٹریفک شہریوں کی شکایات کا ازالہ کررہے ہیں، ڈی آئی جی ٹریفک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



کراچی، سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں

27 ویں ترمیم سے پریشان نہیں، قانون وضع کریں، خالد مقبول صدیقی

بلدیاتی حکومت کو بھی آئین کے تحت حکومت سمجھا جائے، آئین لوکل حکومت کا تحفظ کرے، چیئرمین ایم کیو ایم

مقامی حکومتوں کو اختیارات دے کر مسائل حل کیے جاسکتے ہیں، آئینی ترمیم کے معاملے پر کئی روز سے لوگ رابطے کررہے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

ای چالان کے نفاذ کے ساتھ ہی ٹریفک پولیس سڑکوں سے غائب

ٹریفک اہلکار ہر وقت سڑکوں پر ٹولیوں کی صورت میں متحرک نظر آتے تھے مگر اب نہیں، ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

این سی سی آئی کرپشن اسکینڈل میں بڑی پیشرفت، کال سنٹرز کے ذریعے بڑے پیمانے پر مبینہ فراڈ کا انکشاف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

وعدہ ہے کہ لوگوں کی امیدیں جلد پوری ہوں گی، شرجیل میمن

خواہش ہے قوانین پر عمل ہو اور حکومت کو چالان کی مد میں ایک روپیہ بھی نہ ملے، سینئر صوبائی وزیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

لاہور ہائیکورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف درخواست پر جواب طلب کرلیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

کامران فاروقی کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

ایم پی اے کیخلاف سوشل میڈیا پر اشتعال پھیلانے اور دھمکیاں دینے کا بیان وخبر شائع کی

سندھ میں ڈینگی وائرس نے سنگین صورتحال اختیار کرلی

اکتوبر سے اب تک صوبے میں ڈینگی سے 13 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، محکمہ صحت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

سڑک کنارے کھڑے ٹریلر سے ٹکرا کر نوجوان جان کی بازی ہار گیا

حادثے میں بڑا بھائی موقع پر جاں بحق، دوسرا بھائی زخمی ہوگیا، تیسرا بھائی معجزانہ طور پر محفوظ رہا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36



کراچی، آئی جی سندھ غلام نبی میمن ضلع جنوبی میں قائم ٹریفک سہولت مرکز کا دورہ کررہے ہیں

سندھ کے نوجوانوں کو ترقی کیلئے اب صوبہ چھوڑنا نہیں پڑے گا، مراد علی شاہ

اے آئی اور موسمیاتی تبدیلی نے دنیا کا نقشہ بدل دیا ہے، جدت اور پائیدار ترقی کیلئے ہمیں اپنی سمت از سرنو متعین کرنا ہوگی، وزیراعلیٰ سندھ

خیبر پختونخوا قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، سرمایہ کار مواقع سے فائدہ اٹھائیں، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی و دیگر کا ئی ایف ایس سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

وزیراعظم شہباز شریف 8 نومبر کو آذربائیجان جائیں گے

فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی ان کے ہمراہ ہوں گے، ترکیہ کے صدر طیب اردوان سے ملاقات متوقع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

عدالت نے سینیٹر اعظم سواتی کو متنازع ٹوئٹ کے 2 کیسز سے بری کردیا

سابق ایم پی اے جنید افضل ساہی نے گرفتاری دے دی

جنید افضل ساہی گزشتہ روز ضمانت کے لیے لاہور ہائیکورٹ پیش ہوئے تھے، ذرائع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

اسکیم 33 کی نجی سوسائٹی کے متاثرین کو پلاٹس نہ ملنے پر سندھ ہائیکورٹ برہم

صوبائی خودمختاری پر ڈاکہ منظور نہیں ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

لیڈر سے ملاقات میرا حق، جمہوری راستے اختیار کررہا ہوں، پارلیمنٹ سپریم ادارہ ہے، سہیل آفریدی

عوامی جگہوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، کمشنر کراچی

تجاوزات کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی، 219 ہوٹلز اور ریسٹورنٹس سیل کیے جانے والوں کی لسٹ جاری

ضلع شرقی میں 33 ہوٹلز اور ریسٹورنٹس بند کیے گئے۔ ضلع کیماڑی میں 5 ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کو سیل کیا گیا، سید حسن نقوی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43



کراچی، صدر موبائل مارکیٹ میں میئر کراچی کے احکامات کو نظرانداز کر کے شہریوں سے موٹرسائیکل پارکنگ چارج وصول کیے جارہے ہیں

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
فوری رابطہ:
0333-3424317
0300-7002722
0320-3055279
For Ads : 0331-2407401



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

خیبر پختونخوا کی ترقی کیسے ممکن ہے؟

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے چترال میں اسپاغ لشٹ کے قریب دانش اسکول کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چترال خیبرپختونخوا کا خوبصورت علاقہ ہے، وزیراعظم نے کہا کہ دانش اسکولز میں ایچی سن کے معیار کی تعلیم فراہم کی جا رہی ہے اور غریب، یتیم اور عام آدمی کے بچے بھی یہاں مفت تعلیمی سہولیات حاصل کرسکتے ہیں۔ یہ کسی پر احسان نہیں، ریاست کا فریضہ ہے۔ انھوں نے گیس پلانٹ منصوبے کو بھی پایہ تکمیل تک پہنچانے کا اعلان کیا اور اپر چترال کے لیے بجلی کی یکساں ٹیرف مقرر کرنے کے حوالے سے وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری کو اگلے ہفتے چترال بھیجنے کا اعلان کیا۔ اپر چترال میں جدید اسپتال کے قیام کا بھی اعلان کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ انھوں نے گزشتہ روز طلبہ کے لیے میرٹ پر ایک لاکھ لیپ ٹاپ فراہم کرنے کی اسکیم کا اجرا کیا ہے، یہ لیپ ٹاپ چترال کے ہونہار طلبا کو بھی ملیں گے۔ چترال میں تعلیمی اداروں کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ اس حوالے سے دانش اسکول کا قیام اہم پیش رفت ہے۔ چترال ایک انتہائی خوبصورت اور وسیع و عریض ضلع ہے۔ یہاں غربت اور ناخواندگی کی شرح بھی خاصی بلند ہے۔ خصوصاً اس علاقے میں دیہی آبادی جن کا کی روزی کا دار و مدار گلہ بانی ہے، ان کی ترقی اور خوش حالی کے لیے بھی اہم اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ اس علاقے میں گلہ بانوں کے لیے چراگاہوں کا ایشو ہمیشہ سے موجود رہا ہے۔ گلہ بانوں کے لیے سہولیات فراہم کر کے اس علاقے میں روزگار اور خوش حالی کا آغاز کیا جاسکتا ہے۔ خیبرپختونخوا کی صوبائی حکومت کو بھی اس حوالے سے رہنما کردار ادا کرنا چاہیے۔ خیبرپختونخوا سے تعلق رکھنے والی سیاسی قیادت، کاروباری طبقے اور افسر شاہی کو پسماندہ اضلاع کی پسماندہ آبادی کی ترقی کے لیے زیادہ سے زیادہ فنڈز مختص کرنے چاہئیں۔ چترال میں ٹورازم کو بھی خاصی ترقی دی جاسکتی ہے۔ اس علاقے میں رہنے والی اقوام اور برادریاں زبان اور ثقافت کے اعتبار سے کشمیر اور گلگت بلتستان کے قریب ہیں۔ خیبرپختونخوا کی اسمبلی میں پچھلے دنوں گوجری زبان کو چھٹی سرکاری زبان کے طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے جو کہ ایک اچھا اور اہم اقدام ہے۔ اس حوالے سے چترال میں بھی گوجری زبان بولنے والوں کی آبادی کی ترقی کے لیے کام کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ انھوں نے خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو وزیراعلیٰ منتخب ہونے پر فون کر کے مبارکباد دی ہے اور انھیں پیشکش کی ہے کہ مل کر ترقی، خوشحالی، بدامنی و دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کام کریں، وفاق ان سے مکمل تعاون کرے گا۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان اچھا ورکنگ ریلیشن پاکستان کی ترقی کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

کراچی پھٹنے کو ہے شہر کی خاموش چیخیں

مافیا کی جکڑ، اور ای چالان کا دھاکا!


تحریر: تحسین کمال
سینئر صحافی

کراچی ناراض ہے، اور اس بار صرف ای چالان پر نہیں یہ غصہ اس شہر کا ہے جو دہائیوں سے لوٹا گیا، استعمال کیا گیا، پھر بے رحم طریقے سے بھلا دیا گیا۔ ای چالان کا مسئلہ نہیں، مسئلہ اس ناانصافی کا ہے جس نے شہری کو ایک ایسی چکی میں پیس دیا ہے جہاں سرخ بتی پر رکیں تو ڈاکو پکڑ لیتے ہیں، سگنل توڑیں تو کیمرہ جرمانہ کر دیتا ہے۔ جس شہر میں پانی نل سے نہیں، بلکہ ٹینکر مافیا کے نرخ پر آتا ہو، آپ جرمانہ پانچ سو سے بڑھا کر پانچ ہزار کر دیں؟ شہری پہلے ہی ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ، نمبر پلیٹ جیسے معاملات میں بار بار فیسیں بھر چکا ہے۔ اگر زندہ بچ جائیں تو ڈمپر کچل دیتا ہے، ورنہ کھلا مین ہول نگل لیتا ہے۔ کراچی کی زندگی یوں محسوس ہوتی ہے جیسے ہر موڑ پر موت اور جرمانہ ایک ساتھ گھات لگائے بیٹھے ہوں۔

یہ شہر صرف ٹریفک قوانین پر ناراض نہیں، یہ دھوکے پر ناراض ہے۔ اس کے نوجوان نے قلم اٹھایا تو اس کی آواز دبا دی گئی۔ احتجاج کیا تو گولی اور لاٹھی اس کا مقدر بنی۔ کراچی نے ہر سیاسی جماعت پر بھروسا کیا پی پی پی، جماعت اسلامی، مہاجر نمائندے، پھر تحریک انصاف مگر جواب میں مایوسی کا اک سیاہ باب لکھا گیا کہ اب اس شہر نے لاتعلقی کو ووٹ دے دیا ہے۔ یہ شہر سات دہائیوں سے صرف وعدے سنتا رہا۔ ماسٹر پلان قبر میں، سرکلر ریلوے تباہ، ٹرام دفن، بسیں غائب، میدانوں پر قبضہ، پارکس پر پلازے۔ کبھی کراچی Mass Transit آنے کی خوشخبری ملی مگر ہم جوانی سے بڑھاپے تک پہنچ گئے پروجیکٹ اب بھی فائلوں میں۔ Safe City کے منصوبے اسلام آباد اور لاہور میں بن گئے، مگر کراچی کا بجٹ کروڑوں سے 500 ملین ڈالر تک جا پہنچا اور نتیجہ ... صفر! شہری کا پانی K-IV منصوبے میں ہے، جو شاید بن بھی جائے تو پانی شہر کو نہیں مافیا کو ملے گا۔ سندھ بلڈنگ اتھارٹی کے نام پر شہر بیچا گیا، تعمیرات ہوتی گئیں، مگر بنیادی سہولتیں ختم۔

کراچی چیخ رہا ہے صرف ای چالان نہیں، زندگی چاہیے! پانی چاہیے! حفاظت چاہیے! صوبائی حکومت بھی ذمہ دار ہے اور بلدیاتی نظام بھی۔ دیڑھ دہائی سے حکومت ہے مگر اختیارات مقامی نمائندوں کو نہیں دیے جاتے۔ شہری سڑکیں جگہ جگہ بن رہی ہیں، لیکن یہ چار کروڑ نفوس کا شہر ہے، ایک دو منصوبوں سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ جرمانہ رکھیں، مگر انصاف کے ساتھ۔ پانی کا ٹینکر بھی میں خریدوں، نمبر پلیٹ بھی بار بار میں بدلواؤں، اور پھر آپ ای چالان بھی بھیج دیں؟ جرم، سیاست، اور مافیا کے اس مثلث کو توڑے بغیر کراچی نہیں جیتا جاسکتا۔ کراچی کو منصوبہ بندی، ایمانداری، ذمہ داری اور اختیار چاہیے۔ شہری صرف ایک سوال پوچھ رہا ہے: آخر میں بھروسہ کروں تو کس پر؟ کیونکہ سب نے دھوکا دیا ہے

کابل اور پاکستان بارود کے ڈھیر پر کھڑا خطہ!


تحریر: شیراز احمد
بیورو چیف

پاکستان اور کابل کے درمیان تناؤ اب معمول کی سفارتی تلخی نہیں رہا، یہ ایک خاموش جنگ کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ قطر اور ترکی کی میزبانی میں ہونے والی میٹنگز محض تصویری سفارتکاری بن کر رہ گئی ہیں۔ ایسے لگتا ہے جیسے دنیا دوبارہ نئی سرد جنگ میں داخل ہو چکی ہے جہاں دشمنوں کے چہرے واضح نہیں اور مفادات چھپے ہوئے ہیں۔ طالبان انتظامیہ کے لئے سب سے بڑا دھچکا یہ ہے کہ جس طاقتور گروہ کو وہ اپنی اصل قوت سمجھتے ہیں، اسے چند دشمنوں کے بدلے غیر مسلح کرنا ان کے نزدیک نقصان کا سودا ہے۔ اس گروہ کی طاقت صرف بندوق نہیں بلکہ دولت اور تجارت سے بھی جڑی ہے، جس میں پاکستان کے ساتھ کشیدگی ایک مالی ذریعہ بن چکی ہے۔ دوسری طرف پاکستان، لاکھوں افغان مہاجرین کی میزبانی اور سرحدوں کی حفاظت کا بوجھ اٹھاتے اٹھاتے اب تھک چکا ہے۔ افغان انتظامیہ ہر بار یہی راگ الاپتی ہے کہ یہ پاکستان کا داخلی مسئلہ ہے مگر حقیقت چیخ چیخ کر بتا رہی ہے کہ یہ قومی سلامتی کا مسئلہ ہے اور بھارت سمیت کئی طاقتیں اس آگ میں گھی ڈال رہی ہیں۔ پاکستان نے گزشتہ 18 برسوں میں دہشتگردی کے خلاف ردالفساد، ضرب عضب، راہ نجات جیسے درجنوں آپریشن کیے۔ ہزاروں سپاہیوں نے جانیں دیں، اربوں روپے کی سرحدی باڑ لگائی، عدالتوں، قوانین اور میڈیا پر سخت فیصلے کیے اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت تقریباً 99 فیصد ذمہ داریاں خود اٹھائیں۔ لیکن جب بھی پاکستان نے آگ بجھانے کی کوشش کی، کابل انتظامیہ کی جانب سے بجھتی چنگاریوں پر تیل ڈال دیا گیا۔ پاکستان بار بار کہتا رہا کہ افغانستان میں پناہ لینے والے گروہوں کے ساتھ تعلقات ختم کریں، مگر طالبان انتظامیہ نرم گوشہ دکھاتی رہی۔ جب پاکستان نے بالآخر فیصلہ کیا کہ جو ہمارے شہروں میں لاشیں گراتے ہیں، ان کا پیچھا کریں گے تو کابل انتظامیہ نے شور مچا دیا۔ سوال سیدھا ہے: اگر یہ گروہ آپ کے نہیں، تو پھر آپ انہیں روک کیوں نہیں لیتے؟ اگر تعلق ہے، تو کھل کر بتا دیں کہ کھیل اصل میں کیا ہے!

اب فیصلہ کن موڑ آ چکا ہے۔ پاکستان اپنے شہریوں کی لاشیں اٹھاتا رہے اور کابل صرف بیانات دیتا رہے یہ مزید نہیں چلے گا۔ پاکستان کا مطالبہ صرف اتنا تھا کہ افغان مہاجرین کی رجسٹریشن کی جائے اور غیر قانونی افراد واپس بھیجے جائیں، مگر کابل نے اسے بھی جرم بنا دیا۔ خطہ اس لمحے کے قریب پہنچ چکا ہے جہاں سفارتکاری نہیں، عمل بولے گا۔ خطے کی تقدیر اب کابل کی سنجیدگی پر منحصر ہے۔ اگر طالبان انتظامیہ نے اس بار بھی ماضی کی طرح وقت گزاری اور تاخیری حربے اپنائے، تو تاریخ انہیں معاف نہیں کرے گی۔ پاکستان نے پیغام دے دیا ہے: دہشتگردی رکھنے والوں کے لئے پیڈ میں مزید محفوظ نہیں!

امریکہ۔ بھارت ڈیل: خطے میں طاقت کا توازن ہلنے لگا!


تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر (روزنامہ اطلاعات کراچی)

امریکہ اور بھارت کے درمیان ہونے والی نئی اسٹریٹجک ڈیل محض تجارتی یا تکنیکی معاہدہ نہیں یہ ایشیا میں طاقت کے نقشے کو بدل دینے والا دھماکہ خیز سیاسی موڑ ہے۔ امریکہ، جس نے کبھی بھارت کو شک کی نگاہ سے دیکھا، اب اسے چین کے مقابلے کے لئے اپنا فرنٹ لائن پارٹنر بنانے پر تلا ہوا ہے۔ 2005 کے سول نیوکلیئر معاہدے سے شروع ہونے والا یہ تعلق اب اس سطح تک پہنچ چکا ہے جہاں دونوں ممالک کے درمیان تجارت 212 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے، جبکہ بھارت نے امریکہ سے 20 ارب ڈالر کا جدید اسلحہ خریدا۔ بظاہر یہ معاہدہ معیشت اور ٹیکنالوجی کے تعاون کی تصویر دکھاتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ امریکہ ایشیا کو اگلا عالمی طاقت کا مرکز بنانے میں بھارت کو صف اول کا سپاہی بنانے جا رہا ہے۔ بھارت ہمیشہ اسٹریٹجک خودمختاری کا دعویدار رہا، مگر اب امریکہ کی جھولی میں بیٹھتے ہوئے سوال یہ ہے کہ کیا بھارت ایک نئے عالمی بلاک کا حصہ بن کر اپنی آزادی گروی رکھ دے گا؟ اور اگر ایسا ہوا تو روس سے اس کی دہائیوں پرانی قربت کا کیا بنے گا؟ یہ ڈیل ایک نئے کھیل کا آغاز ہے اور اس کھیل کا نام ہے: چین کو گھیرا۔ چین کیلئے یہ معاہدہ سیدھا سیدھا خطرے کا الارم ہے۔ لداخ اور ڈوکلام میں پہلے ہی دونوں ملک آمنے سامنے کھڑے ہیں۔ اب جب امریکہ بھارت کو جنگی طیارے، میزائل سسٹم اور جدید ٹیکنالوجی دے رہا ہے تو چین کہیں زیادہ بے چین ہے۔ واشنگٹن، نئی دہلی کے ذریعے چین کا گھیرا کرنے کیلئے انڈو پیسفک اسٹریٹجی بنا چکا ہے۔ اسی مقابلے میں چین نے اپنے دیرینہ اتحادی پاکستان کے ساتھ اقتصادی، عسکری اور سفارتی تعلقات مزید مضبوط کر دیے ہیں۔ سی پیک محض سڑکوں اور کارخانوں کا نام نہیں، بلکہ یہ چین کی اس خطے میں موجودگی کا اعلان ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ روس، چین، پاکستان اور وسطی ایشیا کا اتحاد SCO اور BRICS کی شکل میں مضبوط ہو رہا ہے، جبکہ دوسری جانب امریکہ، بھارت، جاپان اور آسٹریلیا کا QUAD اتحاد تیزی سے فعال ہو رہا ہے۔ دنیا دو طاقتور بلاکس میں تقسیم ہونے جا رہی ہے ایک طرف مغربی سرمایہ داری کا اتحاد، دوسری جانب ایشیائی اثر و رسوخ کی نئی دیوار۔ یہ صورتحال ظاہر کرتی ہے کہ خطہ کسی بڑی سیاسی جھٹکے کے دہانے پر کھڑا ہے۔

پاکستان کیلئے یہ صورتحال ایک چیلنج بھی ہے اور ایک سنہری موقع بھی۔ بھارت جب امریکہ کی مہربانی سے جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ لے کر دفاعی قوت بڑھائے گا تو خطے میں طاقت کا توازن بھارت کے حق میں جھک سکتا ہے۔ لیکن پاکستان اگر دانشمندی دکھائے تو وہ اس بدلتے کھیل میں صرف تماشائی نہیں بلکہ گیم چینجر بن سکتا ہے۔ پاکستان کو اب فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ میدان جنگ بنے یا دنیا کے درمیان تجارتی و سفارتی پل بن کر ابھرے۔ اگر پاکستان، سی پیک کو وسطی ایشیا تک جوڑ دے، رشوت اور سرکاری رکاوٹیں ختم کرے، سرمایہ کاروں کو تحفظ دے اور تعلیم و ٹیکنالوجی پر سرمایہ کاری بڑھائے تو دنیا کا کاروبار پاکستان کی بندرگاہوں سے گزرے گا۔ یاد رکھیں! آج کی جنگیں بندوق سے نہیں بلکہ معیشت اور ٹیکنالوجی سے جیتی جاتی ہیں۔ امریکہ بھارت ڈیل ہمیں یہی بتاتی ہے علم اور معیشت ہی اصل طاقت ہیں۔ پاکستان کو اب فیصلہ کرنا ہے وہ اس دوڑ میں پیچھے رہے گا یا مستقبل کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے گا

غوث پاکؒ کی تعلیمات امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہیں، شہزاد چشتی

پاکستان اس وقت اخلاقی اور معاشی بحرانوں سے دوچار ہے، علماء مشائخ اور دینی جماعتیں قوم کی فکری رہنمائی کریں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد جامع مسجد کا دریہ میں مرکزی جماعت اہل سنت ضلع سینٹرل کے زیر اہتمام منعقدہ غوث الاعظم کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علمائے پاکستان کے رہنما ملک شہزاد چشتی نے کہا کہ اولیائے کرام خصوصاً حضور غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی تعلیمات امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہیں۔ آپؒ نے ہمیشہ انسانیت کو اتحاد، اخوت اور عشق رسول ﷺ کے پیغام سے جوڑے رکھا۔ آج امت کو اولیاء اللہ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ معاشرے سے انتہاپسندی، نفرت اور فرقہ واریت کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ کانفرنس کی صدارت مرکزی جماعت اہلسنت کراچی کے امیر علامہ صاحبزادہ محمد زبیر صدیقی ہزاروی نے کی۔ جبکہ علماء، مشائخ کی بڑی تعداد نے شرکت اور خطاب کیا۔ ملک شہزاد چشتی نے کہا کہ پاکستان اس وقت اخلاقی اور معاشی بحرانوں سے دوچار ہے۔ ان حالات میں علماء کرام، مشائخ اور دینی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ قوم کی فکری رہنمائی کریں، اور نوجوان نسل کو اولیائے کرام کی سیرت و کردار سے روشناس کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے پاکستان اور مرکزی جماعت اہل سنت ہمیشہ اتحاد امت اور استحکام پاکستان کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی کرتی رہے گی۔

بلدیاتی اداروں کی پنشن و واجبات کی ادائیگی کے لیے گرانٹ کی منظوری دی جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن سندھ کے صدر سید ذوالفقار شاہ نے وزیر اعلیٰ سندھ، وزیر بلدیات، چیف سیکریٹری، ایڈیشنل چیف سیکریٹری لوکل گورنمنٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ بلدیاتی اداروں کو ملازمین کو اضافہ کردہ تنخواہ وظائف کی ادائیگی کیلئے او زیڈ ٹی گرانٹ میں اضافہ کیا جائے اور ڈی ایم سیز کے ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن اور واجبات کی ادائیگی کیلئے اضافی گرانٹ منظور کر کے جاری کی جائے تاکہ دو برس سے پنشن سے محروم ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن جاری کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ کا محکمہ بلدیات لوکل گورنمنٹ کے ملازمین کو مسلسل نظرانداز کر رہا ہے۔

پاکستان نیشنل الائنس کا پاکستان مسلم لیگ (ق) میں انضمام

سندھ میں نئی سیاسی صف بندی، مسلم لیگ (ق) کی پوزیشن مزید مضبوط

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کی سیاست میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں پاکستان مسلم لیگ (ق) کو ایک بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ق) سندھ کے صدر سرائی نیاز حسین خاکھیلی کی کوششوں اور رابطوں کے نتیجے میں پاکستان نیشنل الائنس (PNA) کی قیادت نے کراچی میں پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی سیکریٹری جنرل محمد طارق حسن سے اہم ملاقات کی۔ اس ملاقات میں دونوں جماعتوں کے درمیان تفصیلی بات چیت ہوئی جس میں باہمی مشاورت کے بعد یہ اہم فیصلہ کیا گیا کہ پاکستان نیشنل الائنس کو باقاعدہ طور پر پاکستان مسلم لیگ (قائداعظم) میں ضم کیا جائے گا۔ یہ تاریخی فیصلہ آئندہ ایک ہفتے کے اندر کراچی میں ایک بڑے عوامی اجتماع کے دوران عوام کے سامنے پیش کیا جائے گا، جہاں PNA کے تمام ممبران، عہدیداران اور مختلف برادریوں کے نمائندے شریک ہوں گے۔ سرائی نیاز حسین خاکھیلی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ سندھ میں پاکستان مسلم لیگ (ق) کے تنظیمی اور سیاسی سفر کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ سندھ میں ایک متبادل قومی سیاسی قوت کے طور پر مسلم لیگ کو منظم کیا جائے۔

آئین و قانون کی عدم حکمرانی ملک کی تباہی ہے۔ طارق مدنی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق محمود مدنی نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی، لوٹ مار اور آئین و قانون کی عدم حکمرانی ملک کی تباہی ہے اگر حکمرانوں نے اپنا قبلہ درست نہ کیا تو ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کیماڑی کے علاقے سعید آباد اور بلدیہ کالونی میں مختلف شخصیات سے گفتگو کرتے ہوئے کیا طارق مدنی نے کہا کہ حکومت سمیت تمام سیاسی قوتوں کو آئین و قانون کی بالادستی کے لیے کردار ادا کرنا چاہیے آئین و قانون کی عدم بالادستی کے باعث ملکی صورت حال بہت خراب ہے آئے دن دہشت گردی کے المناک واقعات رونما ہو رہے ہیں۔


پاک امن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین سعید احمد بیگ بیرسٹر سرفراز علی جتوئی کو سندھ بار کونسل (ڈسٹرکٹ ساؤتھ) کا ممبر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

عالمی کتب میلہ ماہ دسمبر میں ایکسپو سینٹر میں منعقد ہوگا، وقار متین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) نے اعلان کیا ہے کہ اس سال بھی ماہ دسمبر 2025 میں کراچی عالمی کتب میلہ ایکسپو سینٹر میں حسب روایت کامیابی سے منعقد کیا جائے گا۔ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری وقار متین نے کہا کہ پبلشرز، بک سیلرز اور وہ کمپنیاں جو اس میلے میں شرکت کرتی رہی ہیں یا اس سال شرکت کی خواہش رکھتی ہیں وہ 10 نومبر تک اپنے اسٹالز کی بکنگ کے لیے براہ راست آرگنائزر آفس سے رابطہ کر کے خصوصی اسٹالز حاصل کر سکتے ہیں۔



نائب امیر جماعت اسلامی کراچی انجینئر سلیم اظہر، چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کے ہمراہ ریٹائرڈ ملازمین اور وفات پانے والے ملازمین کے ورثاء میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

ڈاکٹر حاجی حنیف طیب کا سوڈان کی صورت حال پر تشویش کا اظہار

کیا انسانیت مرچکی ہے مسلم حکمران اپنا کردار کیوں ادا نہیں کر رہے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نظام مصطفی پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم و قدرتی وسائل ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے سوڈان میں 18 ماہ سے جاری دو گروپوں میں اقتدار اور قدرتی وسائل پر قبضہ کرنے کی خوف ناک خانہ جنگی میں سوڈانی عوام کے حقوق کی سنگین پامالیوں، اجتماعی قتل عام کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اسے اقوام متحدہ، انسانی حقوق کے اداروں بالخصوص مسلم تنظیم او آئی سی کے لیے لمحہ فکریہ قرار دیا اور کہا کہ اقتدار اور طاقت کی جنگ میں عام عوام کا خون بہایا جا رہا ہے لوگوں کو زندہ جلایا جا رہا ہے اب تک 20 ہزار سے زائد افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں 15 ملین سے زائد بے گھر ہیں خوراک کی ترسیل معطل ہونے سے کئی بائی نایاب ہوگیا قحط کی صورت حال سنگین ترین شکل اختیار کر چکی ہے عالمی ماہرین کے مطابق "خوراک کی کمی اور ادویات کی شدید قلت سے اموات میں اضافہ ہو رہا ہے۔

400 بچوں کو مفت تعلیم فراہم کر رہے ہیں، حاجی سلیم قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسلام انٹرنیشنل ماڈل اکیڈمی میں 400 بچوں کو مفت تعلیم فراہم کی جا رہی ہے۔ اسکول یونیفارم، کورس، کتابیں اور شوز بھی مفت دیئے جاتے ہیں۔ اسلام انٹرنیشنل کے تمام اساتذہ اور اسٹاف کی تنخواہ و دیگر اخراجات الخدمت ریسٹورنٹ فراہم کرتا ہے۔ سربراہ اسلام انٹرنیشنل ماڈل اکیڈمی حاجی سلیم رضا عطاری قادری نے کہا کہ علاقے کے بچوں کو تعلیم فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ انٹرنیشنل ماڈل اکیڈمی کیمپس 1 میں 400 بچے اور کیمپس 2 میں 500 بچوں کو مفت تعلیم دی جائے گی۔



ورلڈ کلچر فیسٹیول 2025 کے چھٹے روز فائن آرٹ ورکشاپ میں ارجنٹینا کے مصور ایڈریان یوجو طلباء کو مصوری کے گر سکھاتے ہوئے

تحریک اتحاد ہزارہ ایک نظریاتی و قومی تحریک ہے، علامہ مرتضیٰ رحمانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) تحریک اتحاد ہزارہ (پاکستان) سندھ کے صوبائی صدر علامہ مرتضیٰ خان رحمانی نے کہا ہے کہ تحریک اتحاد ہزارہ ایک نظریاتی اور قومی تحریک ہے جو ہزارہ وال تشخص کے تحفظ، سیاسی خودمختاری اور انتظامی شناخت کے لیے برسرپیکار ہے ہم صوبہ ہزارہ کے مقصد سے وابستہ تمام جماعتوں، رہنماؤں اور کارکنان کا دل سے احترام کرتے ہیں اجلاس سے علامہ امجد سفی بلاس کرنل سردار طارق یوسف محمد عارف نے بھی خطاب کیا۔

"ورلڈ کلچر فیسٹیول" کے چھٹے روز فرانسیسی سرکس تھیٹر "Boucan" نے دھوم مچادی

چھٹے روز 3 ترتیبی ورکشاپ، 2 ٹاکس، 5 فلم اسکریننگ اور فرانسیسی تھیٹر پلے "Boucan" پیش کیا گیا

آرٹ صرف ایک اظہار ہی نہیں بلکہ ذہنی سکون اور مثبت سوچ کو فروغ دینے کا ذریعہ بھی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام 39 روزہ "ورلڈ کلچر فیسٹیول 2025" کے چھٹے روز 3 ترتیبی ورکشاپ، 2 ٹاکس، 5 فلم اسکریننگ اور فرانسیسی تھیٹر پلے "Boucan" پیش کیا گیا، فیسٹیول کا آغاز IN AWE NATURE, RETHINK, REUSE, REDUCE, RECYCLE کے نام سے آرٹ ترتیبی ورکشاپ سے کیا گیا جس میں سوئیڈن کی میورل مصورہ ڈوبیکا فاریسٹ نے ACAIC کے طلباء کو مصوری کے گر سکھائے، ورکشاپ میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ، آرٹس کونسل فائن آرٹ کمیٹی کے چیئرمین فرخ تنویر شہاب، شاہد رسام، عبدالسلام سمیت فائن آرٹ سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی جبکہ ترتیبی ورکشاپ میں شریک طلباء نے رنگوں، روشنیوں اور تخلیقی اظہار کے مختلف طریقوں پر عملی تربیت حاصل کی۔ ڈوبیکا فاریسٹ نے رنگوں کو برش کے ذریعے کینوس پر منتقل کرنے کے نت نئے پہلوؤں سے روشناس کرایا۔ اس موقع پر مصورہ ڈوبیکا فاریسٹ نے کہا کہ مجھے یہاں آکر بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے، آرٹ صرف ایک اظہار ہی نہیں بلکہ ذہنی سکون اور مثبت سوچ کو فروغ دینے کا ذریعہ بھی ہے۔ آنکھیں بند کر کے کسی بھی چیز کو محسوس کیا جاسکتا ہے، رنگوں سے ذہنی سکون بھی حاصل ہوتا ہے، آرٹ کے ذریعے ہم اپنی اندرونی سوچ کو باہر لا کر تخلیقی انداز میں پیش کر سکتے ہیں۔ رقص اور تھیٹر Beyond Borders" کے عنوان پر نشست کا اہتمام کیا گیا جس میں کوریوگرافر Charlene Campbell (برطانیہ)، Wedny Allin (رومانیہ)، رقاصہ Jonah Kalk (امریکہ)، تھیٹر Jehlen Bienco (فرانس) اور کانگو کے معروف اسٹریٹ آرٹسٹ Matris نے موضوع سے گفتگو کی، جس میں پاکستان کی معروف رقاصہ نگہت چوہدری نے نظامت کی۔ اس موقع پر Charlene Campbell نے کہا Ballet ... Beyond Borders پوری دنیا میں پرفارم کر رہا ہے یہ کرنا ادارے کے لیے مشکل تھا۔

شہر قائد میں درجنوں کرکٹ ٹورنامنٹس کا انعقاد خوش آئند ہے، احمد چوہان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کاؤ اینڈ اے سی کرکٹ ٹورنامنٹ میں تیسرے میچ میں پی ٹی کے اسٹارز نے فیلکن سی سی کو 6 رنز سے شکست دے دی۔ ڈی ایچ اے کرکٹ اسٹیڈیم میں فیلکن کرکٹ کلب کا مقابلہ پی ٹی کے اسٹار کے درمیان ہوا۔ پہلے کھیلتے ہوئے فیلکن سی سی کی پوری ٹیم 93 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ زین صدیقی 30 عمار کامران 16 رنز بنا کر نمایاں رہے، نوید پلاری نے 3 عقیف علی خان نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان کی ترقی اقلیتوں کے مساوی حقوق سے مشروط ہے، بشارت اتھوال

کراچی (پ ر) امریکہ کے شہر نیویارک میں ظہران ممدانی کے میئر بننے اور ریاست ورجینیا میں غزالہ ہاشمی کے لیفٹیننٹ گورنر منتخب ہونے پر معروف مسیحی سیاسی و سماجی رہنما بشارت اتھوال نے اپنے خصوصی بیان میں کہا کہ "یہ خوش آئند بات ہے کہ دنیا بھر میں مسلمانوں کو عزت، اختیار اور سیاسی حیثیت دی جا رہی ہے، لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ پاکستان میں آج تک کسی مسیحی کو کسی کلیدی عہدے پر پہنچنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

کراچی کو اگر لسانی فساد سے بچانا ہے تو وفاق میں شامل کیا جائے، روبینہ یاسمین

یا پھر صوبوں کی موتی پولی گنا تے کیلئے ون یونٹ کیا جائے تاکہ الگ الگ سلطنتیں بنانے کا مکروہ عمل بند ہوسکے

ملک میں موجودہ بلدیاتی اداروں کو ختم کر کے پورے ملک میں نئی آئینی تبدیلی کے تحت الیکشن کرائے جائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہاجر اتحاد تحریک موومنٹ کی وائس چیئرپرسن روبینہ یاسمین نے کہا ہے کہ کراچی کو اگر لسانی فساد سے بچانا ہے تو یا تو اسکو ایکس آرڈیننس کے تحت وفاق میں شامل کیا جائے یا پھر صوبوں کی موتی پولی گنا تے کیلئے ون یونٹ کیا جائے تاکہ الگ الگ سلطنتیں بنانے کا مکروہ عمل بند ہوسکے۔ 27 ویں ترمیم میں فیلڈ مارشل کے اختیارات میں دفعہ 243 کے تحت اضافہ، A-140 کے تحت بلدیاتی اداروں کے اختیارات میں اضافہ کیا جائے۔ ملک میں موجودہ بلدیاتی اداروں کو ختم کر کے پورے ملک میں نئی آئینی تبدیلی کے تحت الیکشن کرائے جائیں۔ سندھ حکومت سندھ ہو ریشن اور افغانیوں کی آلہ کار ہے ... انتہائی جلدی ہے کہ وائیل نامی سندھی متعصب مہاجر دشمن ... مہاجروں کے گھروں سے بیدخل کرنے کا اعلان کروا رہا ہے۔ ... اس خوش فہمی میں نہ رہو کہ مہاجر منقسم ہوگئے ہیں۔ ہم آفاق احمد کی قیادت میں کام کرنے کو تیار ہیں۔ ... لیکن لیاقت محمود کی فائرنگ کا تماشا دیکھنے کے باوجود مجبوراً تماشائی ہونا سوچنا پڑے گا۔

مفتی ابن مفتی عبیداللہ جان نعیمی الازہری کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب منعقد ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جنوبی ایشیاء کے عظیم دینی درس گاہ جامعہ دارالعلوم مجددیہ نعیمیہ (ٹرسٹ) ملیر ... آج بروز جمعرات 6 نومبر صبح 10 بجے مفتی ابن مفتی الحاج عبیداللہ جان الازہری نعیمی مجددی کے اعزاز میں ایک پروقار استقبالیہ تقریب منعقد ہوگی جس میں ممبر قومی اسمبلی ... شرکت کریں گے۔

سندھ میں تائیکوانڈو کے فروغ کے نئے باب کا آغاز کردیا، کامران قریشی

سندھ ینگ ٹیم تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں 8 مرد اور 6 خواتین ٹیموں کی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ینگ ٹیم تائیکوانڈو چیمپئن شپ کا سندھ یوتھ کلب میں کامیاب انعقاد کیا گیا۔ جس میں 8 مرد ٹیموں اور چھ خواتین ٹیموں نے حصہ لیا۔ خواتین ٹیم کے نتائج کے مطابق پہلی پوزیشن ٹھوکر ٹیم، دوسری ملیر ٹیم، تیسری ... ایس ایس پی ملیر ... ڈی ایس پی ... بطور مہمان اعزازی شریک ہوئے۔ انہوں نے کھلاڑیوں، کوچز، ٹیکنیکل آفیشلز اور آرگنائزنگ ٹیم کے ارکان کو میڈلز اور سرٹیفکیٹس سے نوازا۔ ... کامران قریشی اور صدر کراچی ... نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

شہدائے جموں و کشمیر کو اسلم خان فاروقی کا خراج عقیدت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل (ایم کے ایس سی (پاکستان)، انسانی حقوق کی علمبردار ہیومن رائٹس آف پاکستان (این ایچ آر پی) کے چیئرمین محب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے 6 نومبر یوم شہدائے جموں کشمیر کے حوالے سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے شہدائے جموں و کشمیر کو خراج عقیدت پیش کیا اور مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کو خطے میں پائیدار امن کے لیے انتہائی ناگزیر قرار دیا ہے۔

شائن ہیومینٹی نے گھارو میں موبائل ڈینٹل کیئر یونٹ کا آغاز کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شائن ہیومینٹی (SHINE Humanity) پاکستان نے گھارو میں قائم شائن ہیومینٹی فری میڈیکل سینٹر میں ایک نئی موبائل ڈینٹل کیئر یونٹ کا افتتاح کردیا، جو سندھ بھر میں غریب اور پسماندہ آبادیوں کو معیاری منہ اور دانتوں کی صحت کی سہولیات مہیا کرنے کے اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ دانتوں اور منہ کی صحت مجموعی صحت کا ایک اہم لیکن سب سے زیادہ نظر انداز ہونے والا شعبہ ہے، خاص طور پر دیہی اور کم آمدنی والے علاقوں میں جہاں ایسی سہولیات انتہائی محدود ہیں۔

مساجد، مدارس اور خانقاہیں امن و اصلاح کا مرکز ہیں، محمد فیض القادری

غوث الاعظم کی تعلیمات انسانیت اور اتحاد کی ضامن ہیں، جماعت غوثیہ اہل سنت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت غوثیہ اہل سنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی محمد فیض القادری نے کہا ہے کہ حضور غوث الاعظم کی تعلیمات عشق رسول ﷺ، خدمت خلق اور اصلاح معاشرہ کا عملی درس ہیں۔ آج امت مسلمہ کو انہی روحانی اقدار کو اپنانے کی ضرورت ہے تاکہ دنیا میں امن، اخوت اور بھائی چارہ قائم ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ اولیائے کرام نے ہمیشہ لوگوں کے دلوں کو جوڑتے اور انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے کردار ادا کیا، یہی وجہ ہے کہ ان کے پیروکار آج بھی محبت، رواداری اور تحمل کا پیغام عام کر رہے ہیں۔ مفتی محمد فیض القادری نے کہا کہ جماعت غوثیہ اہل سنت انٹرنیشنل کا مقصد نوجوان نسل کو دینی شعور، اخلاقی تربیت اور اولیائے کرام کے فیضان سے منسلک کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور کے فتنوں کا مقابلہ علم، اخلاق اور ایمان کے ہتھیار سے کیا جاسکتا ہے۔

ڈمپر مافیا سندھ حکومت سے زیادہ طاقتور ہے' ایاز میمن موتی والا

انتظامیہ خواب غفلت میں، کراچی کی سڑکیں موت کا میدان بن چکی ہیں۔ تاجر الائنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین ایاز میمن موتی والا نے کہا ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ڈمپر مافیا اس شہر کے حکمرانوں سے بھی زیادہ طاقتور ہو چکا ہے۔ روزانہ کراچی کی سڑکوں پر ڈمپر انسانوں کی زندگیوں کو روندتے پھر رہے ہیں، مگر افسوس! کسی ادارے کو توفیق نہیں ہوتی کہ ان عناصر کے خلاف کارروائی کرے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پہلے ہی پانی، بجلی اور گیس کی بندش کے باعث اذیت ناک صورتحال سے گزر رہا ہے۔ عوام مہنگائی، بے روزگاری اور دہشت کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، اور اب اس پر ڈمپر مافیا نے شہریوں کی زندگیوں کو کچلنے کا ٹھیکہ لے لیا ہے۔ شہریوں کی بے بسی دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے۔ ایاز میمن موتی والا نے مزید کہا کہ حکومتی ادارے اور انتظامیہ اگر کراچی کی ذمہ داری پوری نہیں کر سکتے تو کم از کم شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے کوئی ٹھوس عملی اقدام کریں۔


انجمن طلبہ اسلام کے ابتدائی دور کے ساتھی محمد یعقوب غازی کے صاحبزادے محمد ابراہیم کی دعوت ولیمہ پر سرپرست اعلیٰ المصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی ڈاکٹر حاجی حنیف طیب محمد ابراہیم کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں


صدائے انسانیت سوشل ویلفیئر آرگنائزیشن کی چیئرپرسن شمسہ جبین نے طوبیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کی سالانہ محفل میلاد میں خصوصی شرکت کی، اس موقع پر لی گئی تصاویر

بقیہ نمبر اطلاعات 01

کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی اور ایک دوسرے کے ساتھ شانہ بشانہ مل کر کام کرنے کا عزم کیا جسکے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر صاحب جہلم جناب میر رضا اوزگن نے فورم کی ایگزیکٹو باڈی کو شاندار عصرانے پر مدعو کیا اور مکمل طور سے تمام شرکا کی تجاویز کو غور سے سنا اور ڈائری میں قلم بند کیا۔ جناب بانی فورم لیاقت الدین جلبن صاحب نے جہلم کے مختلف مسائل پر تفصیلی روشنی ڈالی اور دریائے جہلم کی اہمیت اور افادیت بیان کی مگر قبضہ گروپ نے اس شہر کی قدرتی خوبصورتی کو گرہن لگا دیا ہے اور دریا کنارہ پبلک گارڈن ہونا چاہیے جہاں نا صرف جہلم کی فیملیز انجوائے کر سکیں بلکہ دور دراز سے لوگ سیر کرنے آئیں۔ صدر فورم ڈاکٹر حفیظ الرحمن ملک صاحب نے ماحولیات اور دریا کنارے پر باغیچے بنانے پر زور دیا۔ ڈاکٹر اسد مرزا نے اس معاملے پر پچھلے تیس سالوں کی جدوجہد دہرائی ایڈووکیٹ عارف کریم جنرل اور جعفر ہمایوں اہمیت اجاگر کی جناب محمد عمر برکت صاحب اور مرزا توصیف بیگ صاحب نے دلائل اور مثالیں دے کر اس امر کی ضرورت پر زور دیا جس کے نتیجے میں ڈپٹی صاحب نے اس معاملے پر نوٹس لے لیا اور فیصلہ کیا گیا کہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن اور فورم ممبران اکٹھے دریا کنارے کا وزٹ کریں گے اور ڈیمارکیشن (حد بندی) کریں گے اور تعین کریں گے کہ کس پوائنٹ پر بوٹنگ سٹیشن ہونا چاہیے اور کہاں پر واکنگ ٹریک اور پارک ہونے چاہئیں۔ بچوں کے جھولوں کے لیے مناسب جگہ کونسی ہے پکنک پوائنٹ کے لیے مناسب جگہ اور کشتی رانی کے لیے خوبصورت پوائنٹ اس وزٹ کے بعد فورم اپنی سفارشات مرتب کرے گا اور فائنل رپورٹ بنا کر ڈپٹی صاحب کو پیش کرے گا جسکے بعد تعمیراتی کام کا آغاز ہوگا

بقیہ نمبر اطلاعات 02

کی کیمپ میں شامل سہولیات میں دانتوں کا فری چیک اپ، پین مینجمنٹ ٹیسٹ، بلڈ گروپ اسکریننگ، آئی ٹیسٹ، شوگر ٹیسٹ، بلڈ پریشر، کیلشیم لیول، خون میں چربی) کولیسٹرول (ٹیسٹ، ہیپاٹائٹس بی اور سی کے ٹیسٹ، اور جسمانی خدوخال کے معائنے شامل ہیں۔ تمام ٹیسٹ اور چیک اپ ماہر اور تجربہ کار ڈاکٹروں کی نگرانی میں کیے جائیں گے، جب کہ مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی جائیں گی۔ پاکستان ہیلپ لائن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے عہدیداران کا کہنا ہے کہ اس کیمپ کا مقصد متاثرہ آبادی کو فوری طبی سہولت فراہم کرنا اور بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فری میڈیکل کیمپ جیسی سرگرمیاں صحت عامہ کے فروغ اور انسانیت کی خدمت کا عملی مظہر ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 03

برداشت نہیں کیا جائیگا چینی، آٹا، سبزی، روٹی، دودھ، گوشت، سبزیوں اور پھلوں کی سرکاری نرخوں میں دستیابی یقینی بنائیں گراں فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی اختیار کی جائے ان پر بھاری جرمانے اور ان کے خلاف ایف آئی آر درج کروائی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں پرائس کنٹرول کے سلسلے میں بھرپور انداز میں کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے تاکہ عوام الناس کو حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ انٹرنیشنل ماڈل اکیڈمی کیمپس 1 میں 400 بچے اور کیمپس 2 میں 500 بچوں کو مفت تعلیم دی جائے گی۔ سندھ حکومت پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کے تحت ہمیں اسکول دے۔ 100 بچیوں کو عالمہ کا کورس کرائیں گے۔ دو شفٹوں میں اسکول میں بچوں کو تعلیم و تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ ہم ماڈل اسکول بنائیں گے۔ حاضری بھی بڑھائیں گے۔ شہر میں تجاوزات کے نام پر ہوٹل ریسٹورینٹ سیل کئے جارہے ہیں۔ اس کی مذمت کرتے ہیں۔ حکومت الغوثیہ ریسٹورینٹ کو سپورٹ کرے ہم ایک ہزار بچوں کو مفت تعلیم اور کورس کتابیں فراہم کریں گے۔ اسلام انٹرنیشنل اور الغوثیہ ریسٹورینٹ کی معاونت سے نیو کراچی میں ویلفیئر اسپتال، ایمبولینس سروس بنانے جارہے ہیں، علاقے کے عوام کو مفت ادویات اور علاج معالجے کی سہولیات فراہم کریں گے۔ حاجی سلیم رضا عطاری قادری نے مزید کہا کہ شہر میں این جی اوز کام کررہی ہیں، حکومت کا کام عوام کو صحت، تعلیم اور روزگار فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 05

سے میری دل آزاری ہوئی ہے اور مجھے تذلیل کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ معروف تک ٹاکر سارہ بلوچ نے ایس ایس پی جیکب آباد محمد کلیم ملک سے عمرانی لا اور چیک پوسٹ کے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 06

جیسے نعرے درج تھے۔ شرکا نے آئی ایم ایف کے ایجنڈے کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قومی اداروں کو فروخت کرنے کے بجائے ان کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ پریس کلب میرپورخاص کے باہر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے یونین کے زونل آرگنائزر حاجی محمد یوسف سومرو، زونل چیئرمین شاہد خان کاکاخیل، ڈویژنل چیئرمین شاہد علی کاظمی، زونل سیکریٹری سکندر علی میر، چیئرمین میرآباد غلام نبی قریشی، انچیئرمین میر داد گوپانگ، غلام رسول عباسی، چیئرمین سرکل آفس ذوالفقار آرائیں، سیکریٹری آر اے اور اسد عزیز، سیکٹر رہنما ملک عبدالکریم، لیاقت کاکاخیل، میڈیا کوآرڈینیٹر جاوید سموں اور عبدالکریم کھوکھر نے اپنے خیالات کا اظہار کیا مقررین نے کہا کہ حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں کے باعث محنت کش طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے، جبکہ قومی اداروں کی نجکاری کے نام پر عوامی مفاد کو قربان کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے دباؤ پر عوام دشمن فیصلے ناقابل قبول ہیں۔ یونین نمائندوں نے واضح کیا کہ اگر حکومت نے ان کے مطالبات تسلیم نہ کیے تو احتجاج کا دائرہ کار پورے سندھ سمیت ملک بھر میں وسیع کردیا جائے گا مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر بھرتیوں پر عائد پابندی ختم کی جائے، تمام کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کیا جائے اور تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا فیصلہ واپس لیا جائے ریلی پرامن طور پر اختتام پذیر ہوئی تاہم شرکا نے اعلان کیا کہ ان کے مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں احتجاجی تحریک کو تیز کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 07

ذیل ہیں: امیر نواز وڑائچ، امیر بخش منگلو، عبدالحفیظ لاشاری، مجیب رضوی، وزیر احمد ایوہ، عبدالرشید راجڑ، علی کانی، بسم علی خان، حق نواز تالپور، نعیم الدین قریشی، اشتیاق میمن، جہانگیر راہو جو، وقار عالم عباسی، جان محمد ناگ، ریاض احمد بھٹی۔ آخر میں سید امتیاز الحق بخاری نے اس امید کا اظہار کیا کہ نومنتخب نمائندگان اپنے عہد و اعتماد پر پورا اترتے ہوئے وکلا برادری کی فلاح، بہبود اور نظام انصاف کی مضبوطی کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی جی بی گروپ ہمیشہ قانون کی بالادستی، عدلیہ کے احترام اور سماجی انصاف کے فروغ کے لیے وکلا برادری کے ساتھ ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 08

کی جائے گی۔ اس موقع پر اسپیشل میڈیکل بورڈ پوسٹ مارٹم کا عمل انجام دے گا۔ پولیس سرجن حیدرآباد ڈاکٹر وسیم خان کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق کارروائی محکمہ صحت سندھ کے ڈائریکٹر جنرل کی ہدایت پر عمل میں لائی جارہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسپیشل میڈیکل بورڈ کی تشکیل مقدمہ نمبر 28/2025، بسیکشن 302، 201 اور 34 تعزیرات پاکستان کے تحت کی گئی تھی۔ قبر کشائی اور پوسٹ مارٹم کی کارروائی کی نگرانی ضلعی صحت افسر میرپورخاص، سینئر میڈیکل آفیسر، مجسٹریٹ، پولیس افسران اور دیگر متعلقہ ادارے کریں گے تاکہ تمام مراحل شفاف اور قانونی تقاضوں کے مطابق مکمل کئے جاسکیں۔ پولیس سرجن ڈاکٹر وسیم خان نے ہدایت دی ہے کہ تمام متعلقہ افسران اپنی موجودگی یقینی بنائیں تاکہ کارروائی میں کسی قسم کی تاخیر یا رکاوٹ نہ ہو۔

بقیہ نمبر اطلاعات 09

ٹیکس رجیم (این ٹی آر) (میں تبدیلی) کا جامع طور پر جائزہ لیا جائے گا تاکہ پاکستان کی برآمدی بنیاد بالخصوص ٹیکسٹائل سیکٹر کا تحفظ کیا جاسکے جو ملک کی برآمدات میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ حکومت برآمدی صنعتوں کو درپیش چیلنجز سے بخوبی واقف ہے اور پاکستان کی عالمی مارکیٹوں میں مسابقت کو مستحکم بنانے کے لیے اصلاحی اقدامات کرے گی۔ اجلاس میں مشیر خزانہ خرم شہزاد اور ڈی جی ٹیکس پالیسی آفس ڈاکٹر نجیب احمد میمن، چیئرمین بزنس مین گروپ زبیر موتی والا، وائس چیئرمین انجم نثار، جاوید بلوانی، میاں ابرار احمد اور طارق یوسف، صدر کے سی سی آئی ریحان حنیف، سینئر نائب صدر محمد رضا، نائب صدر محمد عارف لاکھانی، چیئرمین فیڈرل لیجسلیشن سب کمیٹی ابوبکر صدیق احمد منشی، سابق صدور اور منیجنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 10

کی کامیابی عالمی سطح پر نوجوان قیادت کی شاندار مثال ہے، انہوں نے کہا کہ زہران ممدانی کا انتخاب تنوع، امن اور ترقی کی علامت کے طور پر دیکھا جارہا ہے، جو دنیا بھر میں مثبت تبدیلیوں کی نوید ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ زہران ممدانی نے تاریخ رقم کی ہے، وہ افریقہ میں پیدا ہونے والے پہلے مسلم میئر ہیں، جنہوں نے نیویارک جیسے عظیم شہر کی قیادت کا اعزاز حاصل کیا ہے، ان کا انتخاب نہ صرف اقلیتوں کے لیے امید کی کرن ہے بلکہ عالمی شہروں کے درمیان تعاون اور ہم آہنگی کے ایک نئے دور کا آغاز بھی ثابت ہوگا۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ زہران ممدانی 1892ء کے بعد نیویارک کے سب سے کم عمر میئر ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ نوجوان قیادت دنیا کو نئی سمت دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ نوجوان قیادت کے ابھرتے دنیا کے بڑے شہروں میں ترقی، شمولیت اور جدید وژن کو فروغ ملے گا۔ میئر کراچی نے اس امید کا اظہار کیا کہ نیویارک اور کراچی کے درمیان مستقبل میں تعاون کے مزید مواقع پیدا ہوں گے تاکہ دونوں شہر ترقی، ثقافتی تبادلے اور شہری منصوبہ بندی کے میدان میں ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ زہران ممدانی کی کامیابی ہر اس نوجوان کے لیے تحریک ہے جو خدمت اور قیادت کے جذبے سے سرشار ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 11

نواسے مزمل کو دو دن سے حراست میں لے رکھا ہے۔ روزانہ پولیس گھر میں داخل ہو کر ہراساں کرتی ہے۔ جبکہ محلہ اخلاقی طور پر ہمارے ساتھ ہے۔ فہمیدہ کا کہنا ہے کہ "ہم بیوہ وہاں بچی ہیں، ظلم ہو رہا ہے"۔ ڈی آئی جی کو درخواست دی مگر کوئی شنوائی نہیں۔ وزیراعلیٰ سندھ، آئی جی سندھ اور متعلقہ ادارے مدد کریں، ہمارے مردوں کو رہا کر کے انصاف دلایا جائے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 12

پینل کو شکست کا سامنا کرنا پڑا تفصیلات کے مطابق انتخابات آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپیکا) (کے صوبائی جنرل سیکریٹری اشرف خان بوزئی اور ضلع میرپورخاص کے چیئرمین بچل دسان کی زیر نگرانی تعلیمی بورڈ میرپورخاص میں منعقد ہوئے جبکہ اپیکا کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکریٹری ارشد زبیر بھی موجود تھے انتخابات میں دو پینل غازی پینل اور آغاز پینل مد مقابل تھے رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 230 تھی، جبکہ انتخابی عمل کے دوران گہما گہمی اپنے عروج پر رہی اور امیدوار اپنے اپنے ووٹرز کو متحرک کرنے میں مصروف نظر آئے نتائج کے مطابق غازی پینل نے 165 ووٹ حاصل کر کے کامیابی حاصل کی جبکہ آغاز پینل کو 62 ووٹ ملے اور 3 ووٹ ضائع ہوئے منتخب عہدیداران میں نعمان احمد راجپوت صدر، نور محمد بگلانی سینئر نائب صدر دن، عمران کاکانی سینئر نائب صدر، فیصل لیاقت سینئر نائب صدر، قریشی، علی حیدر شاہ جونیئر نائب صدر دن، نعمان غفور جونیئر نائب صدر، ارسلان جونیئر نائب صدر، قریشی، ایڈووکیٹ رانا شاہد تبسم ڈپٹی جنرل سیکریٹری، سید علی شان شاہ جنرل سیکریٹری، ابراہیم بادشاہ آفس سیکریٹری، شفیق عباسی فنانس سیکریٹری اور عمر دراز پریس سیکریٹری شامل ہیں نتائج کے اعلان کے بعد تعلیمی بورڈ کے ملازمین نے نومنتخب عہدیداران کو پھولوں کے ہار پہنائے اور خوشی کا اظہار کیا اس موقع پر نومنتخب صدر نعمان احمد راجپوت نے اپنے خطاب میں کہا کہ غازی پینل کی کامیابی پر بھرپور اعتماد کرنے اور کامیاب بنانے پر تمام ساتھیوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں، ہم اپیکا کے پلیٹ فارم سے ملازمین کے جائز حقوق کے حصول، مراعات میں اضافے اور مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن جدوجہد کریں گے جبکہ جنرل سیکریٹری سید علی شان شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ کامیابی تمام ملازمین کے اعتماد اور محنت کا نتیجہ ہے ہم ٹیم ورک کے ذریعے ادارے میں شفافیت، انصاف اور خدمت کے کلچر کو فروغ دیں گے اپیکا کے اصولوں کے مطابق تمام اراکین کے ساتھ برابری کا سلوک کیا جائے گا نومنتخب عہدیداران نے عہد کیا کہ وہ اتحاد، یکجہتی اور دیانتداری کے ساتھ ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور ادارے کی بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 13

کی شہادت کے بعد نصرت بھٹو، انکے بعد شہید رانی بے نظیر بھٹو، ادی فریال تالپور اور اب آصفہ بھٹو زرداری ہماری جمہوری تاریخ کی یادگار شخصیات ہیں جو ہماری پارٹی کو اعزاز ہے کہ ملک کی پہلی خاتون وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو بنیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو اور صدر آصف زرداری کی ہماری اصل سیاست کے وہ نقوش ہیں جو ملک کے لئے قابل فخر اور ادارے ترقی کے ساتھ ساتھ عوام کو روزگار فراہم کرنے صنعتیں چلانے اور خارجہ تعلقات کو مثالی بناکر ملک کو بہترین طریقے سے چلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں انہوں نے یہ بات نومنتخب ضلع شرقی کی خواتین عہدیداران کے اجلاس سے پیپلز سیکریٹریٹ میں خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ صدر خواتین ونگ یاسمین بٹ، سینئر نائب صدر نصرت ڈیپر، جنرل سیکریٹری شمیم شاہ، سیکریٹری انفارمیشن فائزہ گول، ڈپٹی سیکریٹری انفارمیشن شمیلہ فائزہ اور دیگر عہدیداران آمنہ خاتون، نسرین چنڑ، خدیجہ جاوید، فرزانہ مہر اور رضیہ سلطانہ بھی موجود تھیں۔ اجلاس میں پی پی پی کی تنظیم سازی مختلف تنظیمی امور اور کارکردگی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ آئندہ کی حکمت عملی طے کی گئی۔ تاکہ ضلع شرقی کے تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور منظم و مضبوط بنایا جاسکے۔ اجلاس میں یوم

پاکستان کے حوالے سے کیک بھی کاٹا گیا۔ صدر شرقی خواتین یاسمین بٹ نے کہا کہ ہم شرقی سے پیپلز پارٹی کو کامیاب کرا کے ریکارڈ قائم کریں گے۔ ملک گیر جماعت ہیں۔ سینئر نائب صدر نصرت ڈیپر، جنرل سیکریٹری شمیمہ شاہ، سیکریٹری انفارمیشن فائزہ گبول، ڈپٹی سیکریٹری انفارمیشن شمیلہ خان اور دیگر عہدیداران آمنہ خاتون، نسرین چانڈ، خدیجہ جاوید، فرزانہ مہر اور رضیہ سلطانہ نے کہا کہ جو کام کراچی میں ہو رہے ہیں عمل ہونے پر پارٹی کو لوگ یاد کریں گے۔ وفاق کو کراچی کے لئے خصوصی فنڈز دینے چاہئیں جس طرح سٹی گورنمنٹ کو دیئے گئے تھے۔ بلاول بھٹو وزیراعظم بنیں گے تو ملک میں استحکام آئے گا

بقیہ نمبر اطلاعات 14

کی اجازت نہیں ہوگی، جب تک وہ اپنے متعلقہ کنٹرولنگ آفیسر یا مجاز اتھارٹی سے پیشگی منظوری حاصل نہ کرے جاری کردہ نوٹیفکیشن مورخہ 03 نومبر 2025 کے مطابق ملازمین کو ہدایت کی گئی ہے کہ اگر کسی تحقیقاتی ادارے کی جانب سے انہیں رسمی یا غیر رسمی طور پر طلب کیا جاتا ہے، تو وہ اپنی متعلقہ اتھارٹی کو اطلاع دیے بغیر وہاں حاضر نہ ہوں، تاکہ کسی بھی قسم کی ناخوشگوار یا غیر متوقع صورتحال سے بچا جاسکے۔ دفتری حکم میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ ان ہدایات پر عمل درآمد تمام محکمانہ سربراہان کی ذمہ داری ہوگی اور کسی بھی قسم کی غفلت یا عدم تعمیل کی صورت میں متعلقہ ملازم خود ذمہ دار تصور کیا جائے گا۔ یہ احکامات چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو کی منظوری سے جاری کیے گئے ہیں، اور منیجر ایچ آر (Human Resource Manager) کی جانب سے دستخط شدہ ہیں نوٹیفکیشن کی کاپی چیف ٹیکنیکل آفیسر، چیف انجینئرز، ڈائریکٹر جنرلز، پروجیکٹ ڈائریکٹرز، ریجنل منیجرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز، ریونیو آفیسرز اور سب ڈویژنل آفیسرز سمیت تمام متعلقہ افسران کو بھی ارسال کی گئی ہے تاکہ احکامات پر فوری عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے ذرائع کے مطابق، یہ اقدام حیسکو انتظامیہ کی جانب سے ادارے کے اندر نظم و ضبط قائم رکھنے اور تحقیقاتی اداروں کے ساتھ براہ راست رابطوں کے باعث پیدا ہونے والے تنازعات کو روکنے کے لیے کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 15

کرتی ہوئی معیشت میں سرمایہ کاری کی بھرپور دعوت دی، اسے افریقہ کی جانب ایک مضبوط دروازہ قرار دیا۔ یہ بات الجزائر کے سفارتخانے کی جانب سے جاری کردہ پریس بیان میں کہی گئی۔ تقریب میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے، جبکہ متعدد سفیروں اور معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ سفیر الجزائر نے اپنے خطاب میں پاکستان اور الجزائر کے درمیان تاریخی بھائی چارے اور یکجہتی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ "پاکستان ان اولین ممالک میں شامل تھا جنہوں نے 1955 کی باڈنگ کانفرنس سے ہی ہماری آزادی کی تحریک کی حمایت کی، اور اقوام متحدہ میں بھی الجزائر کی آزادی تک ہمارا ساتھ دیا۔ ہم پاکستان کے شکر گزار ہیں۔" سفیر نے مزید کہا کہ دونوں ممالک فلسطین اور عالمی فورمز پر مل کر کام کرتے ہیں، اور کشمیر کے حق خود ارادیت، فلسطین اور ویسٹرن صحارا جیسے منصفانہ مقاصد کے دفاع میں ایک دوسرے کے مضبوط حامی ہیں۔ سفیر نے صدر عبدالمجید تبون کی قیادت میں الجزائر کی تیز رفتار معاشی ترقی کا خاکہ پیش کیا۔ الجزائر 2024 میں 4.1 فیصد کی شرح نمو اور 270 ارب ڈالر کے جی ڈی پی کے ساتھ افریقہ کی تیسری بڑی معیشت بن چکا ہے، وہ بھی بغیر بیرونی قرض کے۔ 2027 تک الجزائر کا جی ڈی پی 400 ارب ڈالر ہونے کی توقع ہے، جو اسے براعظم افریقہ کی دوسری بڑی معیشت بنا دے گا۔ توانائی کے شعبے میں الجزائر یورپ کو سب سے زیادہ گیس فراہم کرنے والا افریقی ملک ہے، جبکہ لوہا اور فاسفیٹ پیدا کرنے کے بڑے منصوبے بھی جاری ہیں۔ سفیر نے پاکستانی تاجروں کو الجزائر کے نئے سرمایہ کاری نظام سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ملک اب افریقہ کا گیٹ وے بن چکا ہے جو افریقہ، یورپ، ایشیا اور امریکہ کے درمیان تجارتی پل کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ 2022 کے نئے سرمایہ کاری قانون کے تحت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو مقامی سرمایہ کاروں کے برابر حقوق اور ٹیکس میں بڑی رعایتیں حاصل ہیں۔ الجزائر انویسٹمنٹ پروموشن ایجنسی نے تین سال میں 17,000 سے زائد منصوبے رجسٹر کئے ہیں، جن میں 300 بڑے منصوبے شامل ہیں۔ حالیہ انٹرا افریقن ٹریڈ فیئر میں 48.3 ارب ڈالر کے معاہدے ہوئے، جن میں سے 23.6 ارب ڈالر الجزائر کے حصے میں آئے۔ سفیر نے کہا کہ پاکستانی تاجروں کو Look Africa Policy کے تحت الجزائر کی جانب توجہ دینی چاہیے، اور یقین دلایا کہ اسلام آباد میں الجزائر کا سفارتخانہ کاروباری وفود اور نمائشوں میں شرکت کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کرے گا۔ آخر میں سفیر نے کہا کہ دونوں ممالک سیاسی عزم، مہارت اور معاشی صلاحیت رکھتے ہیں کہ ایک روشن اور مشترکہ مستقبل کی بنیاد رکھ سکیں

بقیہ نمبر اطلاعات 16

کی روانی برقرار رکھنے میں ناکام رہی اور تین اہم سڑکیں بند ہونے کی وجہ سے کئی گھنٹوں کے بدترین ٹریفک جام کی وجہ سے ہزاروں شہری بری طرح سے رل گئے اور گاڑیوں کی طویل قطاریں دکھائی دیں۔ شہری بدترین ٹریفک جام کی وجہ سے اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکلیں بند کر کے کھڑے رہے۔ ترجمان سندھ حکومت کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نمائش چورنگی کے اطراف میں ٹریفک جام کا نوٹس لیتے ہوئے کراچی پولیس چیف جاوید عالم اوڈھو کو ٹریفک بحال کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹریفک پولیس کو فوری متحرک کر کے ٹریفک کی روانی بحال کر کے اس کی رپورٹ مجھے ارسال کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک کی روانی بحال نہ ہوئی تو سخت تادیبی اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور جہاں ٹریفک جام رہے وہاں کے ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوام کی سہولت کا ہر وقت خیال رکھا جائے۔ بعدازاں وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے شہر میں شدید ٹریفک جام ہونے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ کو فوری اقدامات کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو پریشانی سے نجات دلانے کیلئے ٹریفک پولیس کو متحرک کیا جائے اور ٹریفک جام والے تمام مقامات پر افسران خود موجود رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک روانی میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ٹریفک جام کی صورتحال کو فوری طور پر کنٹرول کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق نمائش چورنگی بند ہونے کی وجہ سے پیپلز چورنگی، کیپری سینما چوک، گرومندر، یونیورسٹی روڈ، گرومندر چورنگی اور اللہ والی چورنگی سمیت ملحقہ علاقوں میں ٹریفک روانی متاثر ہے تاہم ٹریفک پولیس کا عملہ موقع پر موجود ہے اور ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے اقدامات کیے گئے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 17

دہائی پر گفتگو کی۔ اداکارہ نے کہا کہ اگر ڈراموں سے ہٹ کر حقیقی زندگی میں دیکھیں کہ کسی جوڑے کی زندگی میں پرکشش ہے، ہر معاملہ بالکل ٹھیک نظر آ رہا ہے اور شوہر بیوی کا کچھ زیادہ ہی خیال رکھ رہا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ شوہر کا غیر ازدواجی تعلق ہے۔ جویریہ نے کہا ایسا اس لیے ہوتا ہے تاکہ بیوی کو شک نہ ہو، وہ بیوی کو گلٹی دے کر، خیال رکھ کر اعتماد میں لیتا ہے۔ اداکارہ نے اپنی مثال دی کہ اگر میرے شوہر سعود ذرا سا مجھ سے چپکے ہوں تو میں فوراً پوچھتی ہوں کہ کیا آپ کو مجھ سے کوئی کام ہے؟ کوئی بات ہے یا کوئی چکر تو نہیں ہے آج کل میں پتا چلتا ہے کہ بچوں کا کوئی کام تھا یا کوئی بات ہے جو منوانی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 18

صنعت کاروں کے لیے ایک بہترین موقع ہے جہاں وہ پاکستان کے بہتر مستقبل کے لیے قابل عمل تجاویز اور شراکت داری تشکیل دے سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترقی ہمیشہ محنت اور جدت سے جنم لیتی ہے اور پاکستان کے نوجوان اس تبدیلی کی اصل قوت ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ ہمارا ملک قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، ہمارے پاس نوجوان افرادی قوت ہے انہیں اپنے وسائل اور افرادی قوت کو موثر انداز سے بروئے کار لانا ہوگا، پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر ترقی کے سفر میں ایک دوسرے کے شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتا ہوں، خیبر پختونخوا میں ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن، سیاحت کے فروغ اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے پر توجہ دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 19

احمد کی رہائش گاہ پر اور نجی ٹاؤن سے آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے شوکت اللہ فاروقی نے کہا کہ شہر میں ٹینکر اور ڈمپر گردی سب کے سامنے ہے، روزانہ کسی نہ کسی سڑک کی نکڑ کسی گلی میں عوام ٹینکر اور ڈمپر کچل دیتا ہے لیکن ایف آئی آر ٹینکر مافیا کے خلاف درج کرنے کی بجائے احتجاج کرنے والی عوام کے خلاف درج کی جاتی ہے راسموا ہی میں ڈمپر مافیا کا سرغنہ آکر کھلے عام پولیس کے سامنے فائرنگ کرتا لیکن سندھ حکومت کی سرپرستی کی وجہ سے گرفتاری سے پہلے ضمانت ہوگئی۔ شوکت اللہ فاروقی نے کہا کہ سب جانتے ہیں کہ ڈمپر مافیا کا سرغنہ افغانی ہے، نوے فیصد ڈرائیور افغانی ہیں جن کے پاس لائسنس نہیں ہے نا کاغذات اسکے باوجود کھلے عام سڑکوں پر موت بانٹے پھرتے ہیں، سوال یہ ہے کہ جب افغانیوں کو ملک سے نکالا جارہا ہے تو پھر اس افغانی ڈمپر ٹینکر مافیا اور ڈرائیوروں کو ملک سے کیوں نکالا نہیں جارہا کیا یہ ہمارے اداروں سے زیادہ طاقتور ہیں؟۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈمپر مافیا کو اسی کی زبان میں جواب دینے کیلئے شہری متحد ہوں، مہاجر قوم بھرپور ساتھ دے گی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 20

حساب سے فیس وصول کی جارہی ہے، اس سے قبل سبزی منڈی میں دکانوں کی ٹرانسفر فیس محض 2 ہزار روپے تھی جبکہ اکبر و پراسیسنگ زون میں ٹرانسفر فیس 5 ہزار روپے ہے۔ سبزی منڈی میں الاٹیز کو دکانوں کی ٹرانسفر فیس کے ساتھ ساتھ شیڈز پر بھی 350 روپے فی اسکوائر فٹ ادا کرنا ہوں گے جبکہ یہ ٹیکس چارج کی مد میں بھی 20 روپے فی اسکوائر فٹ علیحدہ سے دینے ہوں گے۔ مارکیٹ کمیٹی نے دکانوں کی ٹرانسفر کیلئے فارم کی فیس 3 ہزار روپے اور وکیل کی فیس 15 ہزار روپے مقرر کی ہے۔ سبزی منڈی کے تاجر پہلے ہی اس تمام تر عمل کو مال بٹورنے کی پریکٹس قرار دے چکے ہیں۔ علیم قریش فروٹ اینڈ مرچنٹس ایسوسی ایشن کے صدر محمد جاوید کے مطابق اب سبزی منڈی مارکیٹ کمیٹی نے خلاف الاٹیز سے بھی ٹرانسفر فیس کی وصولی شروع کردی ہے جس کا کوئی جواز نہیں بنتا، دکاندار اپنی ہی دکانوں کی الاٹمنٹ کیلئے ٹرانسفر فیس کیوں ادا کریں انہوں نے مزید بتایا کہ اس ضمن میں مارکیٹ کمیٹی کے چیئرمین کا کہنا ہے کہ خلاف الاٹیز کو ٹرانسفر فیس ریفنڈ کردی جائیگی تاہم اس ضمن میں دکانداروں کو کوئی نوٹیفکیشن مہیا نہیں کیا گیا ہے محمد جاوید نے مزید بتایا کہ ٹرانسفر کی مد میں اس قدر رقم کی وصولی اور خلاف الاٹیز سے فیس وصول کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا اور اگر اسے فوری طور پر نہیں روکا گیا تو تاجر حضرات عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 21

شہری کی المناک ہلاکت کے بعد، ایم کیو ایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی کامران فاروقی کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سندھ حکومت کی جانب سے ظلم اور ناانصافی کی انتہا قرار دیا ہے۔ اراکین اسمبلی نے کہا کہ ہم گارڈن واقعہ میں جاں بحق ہونے والے شہری کے اہل خانہ سے مکمل اظہار یکجہتی اور دلی تعزیت کرتے ہیں، لیکن یہ انتہائی افسوسناک حقیقت ہے کہ کراچی کے شہری روز سڑکوں پر ہیوی ٹریفک کے ذریعے کچلے جا رہے ہیں، مگر سندھ حکومت اور انتظامیہ ان قاتل ڈرائیورز اور ہیوی ٹریفک مافیا کے سامنے آنکھیں بند کر رکھی ہیں۔ حق پرست اراکین نے الزام عائد کیا کہ سندھ حکومت قاتل ہیوی ٹریفک مافیا کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے، ان عوامی نمائندوں پر جھوٹے مقدمات بنا رہی ہے جو عوام کی آواز اٹھانے اور انصاف دلانے کے لیے میدان میں نکلتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں ڈمپر، ٹینکر اور ٹرالر مافیا کھلے عام شہریوں کی جانیں لے رہے ہیں، جبکہ سندھ حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ جب گارڈن میں نوجوان کی کچلے جانے کے بعد علاقائی عوام شدید غم و غصہ میں تھے اور عوامی نمائندے واقعے کا جائزہ لینے پہنچے تو انتظامیہ نے قاتل ڈرائیورز اور ہیوی ٹریفک مافیا کو تحفظ فراہم کیا اور بجائے انصاف کے عوامی آواز اٹھانے والے سابق رکن اسمبلی کامران فاروقی پر ہی مقدمہ درج کر دیا گیا۔ حق پرست اراکین اسمبلی نے واضح کیا کہ اس عمل سے انتظامیہ اور ہیوی ٹریفک مافیا کے گٹھ جوڑ کا تاثر مزید گہرا ہو رہا ہے، قاتل ڈرائیورز آزاد اور گھر رہے ہیں جبکہ عوام کی آواز اٹھانے والوں پر ایف آئی آر درج ہو رہی ہیں۔ اراکین نے اس بات کی بھی شدید مذمت کی کہ ہیوی ٹریفک مافیا کے کارندے کھلے عام جدید اسلحے کراچی میں دندناتے پھر رہے ہیں اور انہوں نے عوام پر سیدھی فائرنگ بھی کی، مگر کسی بھی ملزم کی کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ ایم کیو ایم کے اراکین سندھ اسمبلی نے حکومت سے دو ٹوک مطالبہ کیا ہے کہ کامران فاروقی کے خلاف درج کی گئی ایف آئی آر فی الفور واپس لی جائے اور ہیوی ٹریفک مافیا کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کر کے ان قاتل ڈرائیورز کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، بصورت دیگر ایم کیو ایم پاکستان اس ظلم کے خلاف سڑکوں پر شدید عوامی احتجاج ریکارڈ کرانے پر مجبور ہوگی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 22

ماحولیات زبیر چنہ نے بتایا کہ پابندی کی خلاف ورزی پر پلاسٹک کی ضبطی، بھاری جرمانے اور مستقل بندش جیسی سزائیں شامل ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ ناقص پلاسٹک سے خارج ہونے والے دھوئیں اور زہریلے کیمیکلز نے فضا، زمین اور آبی وسائل کو انتہائی آلودہ کردیا ہے، جس کے باعث کراچی سمیت صوبے بھر میں سانس، دل اور اعصابی امراض میں تشویشناک اضافہ ہو رہا ہے۔ سیپا کی رپورٹس کے مطابق تازہ پائیرولائسز جیسے خطرناک عمل سے ماحولیاتی آلودگی کی صورتحال نہایت سنگین ہو چکی ہے اور شہریوں کی صحت براہ راست خطرے میں ہے لہٰذا عوامی مفاد میں سندھ حکومت نے فوری طور پر یہ قدم اٹھایا ہے تاکہ لوگوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔ وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے ماحولیات دوست محمد راہموں نے فیصلے کو تاریخی اور عوام دوست قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کسی بھی ایسی صنعتی سرگرمی کی اجازت نہیں دے سکتی جو شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالے۔ ہمارا مقصد صرف آلودگی پر قابو پانا نہیں بلکہ ایک ایسا پائیدار اور صحت مند ماحولیاتی نظام قائم کرنا ہے جہاں آئندہ نسلیں بھی محفوظ زندگی گزار سکیں۔ مشیر وزیراعلیٰ دوست محمد راہموں نے ہدایات جاری کیں کہ تمام متعلقہ ادارے پابندی پر فوری عمل درآمد یقینی بنائیں اور 30 روز مدت کے بعد کسی بھی قسم کی نرمی نہ برتی جائے۔ ناقص سب اسٹینڈرڈ لیڈ اور غیر محفوظ ایندھن کے استعمال، تیاری اور فروخت پر بھی مکمل پابندی ہوگی جبکہ تمام صنعتی یونٹس کے لیے جدید ٹیکنالوجی، نظام، ماحولیاتی کنٹرول سسٹم اور اخراج کی سخت حدیں مقرر کی جائیں گی تاکہ صوبہ سندھ کو آلودگی کے مضر اثرات سے نجات دلائی جاسکے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 23

کرنے کے خلاف سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی (ایس بی سی اے) سے 3 دسمبر تک رپورٹ طلب کرلی ہے۔ جوڑیا بازار کو سندھ ہائیکورٹ میں اولڈ سٹی ایریا کھجور بازار میں خطرناک قرار دیکر عمارت سیل کرنے کے خلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف دیا کہ جس عمارت کو خطرناک قرار دیا گیا ہے وہ پہلے سے خالی ہے۔ عمارت کے گراؤنڈ فلور پر دکانیں ہی ہیں جو سیل کردی گئی ہیں۔ ایس بی سی اے کے افسران نے رشوت نہ دینے پر دکانیں سیل کی ہیں۔ سیل کرنے سے قبل عمارت کا معائنہ کیا گیا اور نہ ہی دکانداروں کو نوٹس دیا گیا۔ دکانداروں کو سامان نکالنے تک کی اجازت نہیں دی گئی۔ عدالت نے ایس بی سی اے سے 3 دسمبر تک رپورٹ طلب کرلی

بقیہ نمبر اطلاعات 24

ہے۔ زہران ممدانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ جیت نیویارک کے محنت کشوں، تارکین وطن اور نچلے طبقے کی ہے جن کے ہاتھوں میں بھی اقتدار نہیں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ عام شہریوں کو بھی فیصلہ سازی میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے موروثی سیاست کو ختم کردیا ہے۔ آج سے میں اینڈریو کومو کا نام نہیں لوں گا۔ زہران ممدانی نے وعدہ کیا کہ وہ ایک ایسا شہر بنائیں گے جہاں زندگی کے اخراجات قابو میں ہوں، تعلیم و صحت سب کے لیے میسر ہو اور عوام کے مسائل سننے والی حکومت ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ نیویارک پورے امریکہ کے لیے ایک مثال ثابت ہوگا۔ انہوں نے اپنی تقریر میں مختلف کمیونٹیز کا شکریہ ادا کیا، جن میں یمنی دکاندار، افریقی ٹیکسی ڈرائیورز، اور جنوبی ایشیائی تارکین وطن شامل تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ جیت اس بات کی علامت ہے کہ جب سیاست عوام سے سچائی اور عزت سے بات کرتی ہے، تو ایک نئی قیادت جنم لیتی ہے۔ زہران ممدانی نے کہا کہ ان کا وژن ایک ایسے نیویارک کا ہے جہاں کرایہ داروں کو تحفظ حاصل ہو، بس سروس مفت ہو، اور ہر بچے کو معیاری تعلیم ملے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ بدعنوان مکان مالکان اور ٹیکس چوری کرنے والے بالائی طبقے کے خلاف سخت کارروائی کریں گے۔ انہوں نے ڈونلڈ ٹرمپ کو براہ راست مخاطب کرتے ہوئے کہا، ڈونلڈ ٹرمپ، میں جانتا ہوں تم دیکھ رہے ہو، تو اپنا آواز اونچی کرو! جس پر مجمع میں نعرے گونجنے لگے۔ ممدانی نے کہا کہ وہ ایک ایسا شہر بنائیں گے جہاں مسلمانوں، یہودیوں، تارکین وطن اور تمام کمیونٹیز کے حقوق کا تحفظ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 25

نیویارک تک پہنچ گئی ہے۔ مقامی ہوٹل میں دی لیوچر سمت کے نویں ایڈیشن کی تقریب سے خطاب کے دوران مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کو فروغ دے رہی ہے، کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے، راہطوں میں اضافے سے ہی ترقی کی راہیں کھلتی ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 26

کے شوہر ہادی علی چٹھہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے گئے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افضل مجوکا نے کیس کی سماعت کی، دو وقفے کے بعد ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ عدالت میں پیش نہ ہوئے، عدالت کی جانب سے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو شوکاز نوٹس جاری کردیے گئے جس میں کہا گیا کہ عدالت پیش نہ ہونے پر کیوں نہ ملزمان کی ضمانت خارج کردی جائے۔ عدالت نے کہا کہ عدالتی وقت ختم ہونے تک ملزمان عدالت سے غیر حاضر رہے، استغاثہ کے تین گواہان عدالت میں موجود رہے، ملزمان کا کنڈکٹ ظاہر کرتا ہے کہ وہ جان بوجھ کر عدالت پیش نہیں ہو رہے۔ عدالت نے کہا کہ ملزمان کو شوکاز نوٹس جاری کیا جاتا ہے کہ کیوں نہ ان کی ضمانت خارج کردی جائے۔ ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے جاتے ہیں۔ عدالت نے ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف کیس کی سماعت کل تک ملتوی کر دی

بقیہ نمبر اطلاعات 27

وارنٹ گرفتاری جاری کردیے، عدالت نے گنڈاپور کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نصر من اللہ بلوچ نے کیس پر سماعت کی۔ علی امین گنڈاپور کی جانب سے کوئی بھی پیش نہ ہوا، علی امین گنڈاپور کی عدم پیشی کے باعث فرد جرم کی کارروائی موخر کردی گئی۔ عدالت نے آج کیس فرد جرم عائد کرنے کیلئے مقرر کر رکھا تھا۔ بعد ازاں عدالت نے آڈیو لیک کیس پر سماعت 6 دسمبر تک ملتوی کردی۔ علی امین گنڈاپور کے خلاف تھانہ گولڑہ میں مقدمہ درج ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 28

اور عوام کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا۔ دونوں رہنماؤں نے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر صدر مملکت نے قطر کی ترقی اور امیر قطر کی بصیرت افروز قیادت کو سراہا۔ امیر قطر نے پاکستان سعودی عرب دفاعی معاہدے کو خوش آئند اور بروقت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان منفرد حیثیت رکھتا ہے جو چین، مغرب اور خلیجی ممالک سے بیک وقت تعلقات رکھتا ہے۔ صدر زرداری نے امیر قطر کو دونوں ممالک کے مابین دفاع، دفاعی پیداوار، زراعت اور غذائی تحفظ میں تعاون بڑھانے کی تجویز دی، جس پر امیر قطر نے رضامندی ظاہر کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری رابطوں کی ہدایت کی۔ صدر زرداری نے قطر میں دوحہ مذاکرات کی میزبانی اور افغانستان سے متعلق کردار کو سراہا۔ امیر قطر نے امید ظاہر کی کہ پاکستان اور افغانستان موجودہ مسائل حل کر کے حالیہ چیلنجز کو پس پشت ڈال دیں گے۔ انہوں نے صدر پاکستان کی جانب سے دعوت قبول کرتے ہوئے آئندہ سال کے اوائل میں پاکستان کے دورے کا اعلان بھی کیا۔ ملاقات میں چیئرمین پیپلز پارٹی و سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اور پاکستانی سفیر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 29

) ف (سمیت تمام بڑی جماعتوں کے پارلیمانی لیڈرز اور اتحادی جماعتوں کے چیف وہپس کو بھی شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ اجلاس میں آئینی ترمیم کے علاوہ خال پر بریفنگ دی جائے گی اور منظوری سے متعلق حکمت عملی طے کی جائے گی، جبکہ سردار ایاز صادق اجلاس کے دوران تمام جماعتوں سے ترمیم کی حمایت کی درخواست کریں گے، جب کہ وہ پارلیمانی رہنماؤں سے اپنے چیمبر میں الگ الگ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اگر ترمیم پر اتفاق رائے نہ ہوا تو حکومت اپنی نمبر گیم پر انحصار کرے گی، مسلم لیگ (ن) نے اپنے اور اتحادی جماعتوں کے تمام اراکین قومی اسمبلی کو فوری طور پر اسلام آباد پہنچنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ پارلیمانی ذرائع کا کہنا ہے کہ حکمران اتحاد کو قومی اسمبلی میں آئینی ترمیم کی منظوری کے لیے درکار 224 اراکین کی حمایت حاصل ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 30

خود مختاری سے متعلق رائے لے گی، وہ ایم این ایف سی کے متعلق ترمیم کی مخالفت کرے گی، صوبائی بجٹ واپس لینے کی ترمیم کی مخالفت بھی کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی نے 27 ویں ترمیم میں اٹھارویں کے رول بیک کے کسی بھی شق پر بھی سمجھوتہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس حوالے سے حتمی منظوری سی ای سی سے لے جائے گی، اور ملکی مفاد میں ہونے والے دیگر ہیلتھ تر ترامیم کو سپورٹ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 31

پر مبنی معاشی ترقی ہی پائیدار راستہ ہے، پاکستان کی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، پاکستان کے میکرو اکنامک استحکام کو عالمی سطح پر بھی سراہا گیا ہے، عالمی ریٹنگ ایجنسی نے پاکستان کی معاشی بہتری کا اعتراف کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں معاشی نظام بہتری کی جانب گامزن ہے، بہت سے ممالک معاشی نظام میں اصلاحات لا رہے ہیں، دنیا بھر میں ٹیرف رجیم کو زیادہ فوکس کیا جا رہا ہے، گورنمنٹ کا کام ایکو سسٹم فراہم کرنا ہے، اے آئی پر مبنی ترقی کیلئے ایکو سسٹم تشکیل دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تھرڈ ارجنٹ فری لانسرز کی فہرست میں شامل ہے، پاکستان کو برآمدات کا مرکز بنانا ہے، پائیدار معاشی ترقی کیلئے ڈھانچہ جاتی اصلاحات ناگزیر ہیں، ایجیٹیشن سے معیشت میں شفافیت آئے گی، بلیو اکانومی میں بھرپور صلاحیت موجود ہے، ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ 9 لاکھ نئے فائلرز شامل ہوئے ہیں مصر نے ایف بی آر اصلاحات سے سیکھنے کی درخواست کی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ کارپوریٹ منافع 4 فیصد بڑھا ہے، گوگل پاکستان کو ایکسپورٹ حب بنانے کا منصوبہ بنا رہا ہے، آئی ٹی اور میری ٹائم سیکٹر پر فوکس ہوگا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ بلیو اکانومی کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، غیر ملکی کمپنیاں نے پاکستان کو کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے پرکشش مقام قرار دیا، میکرو اکنامک استحکام کوئی حتمی مقصد نہیں بلکہ معیشت پر اعتماد سرمایہ کاری کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے ایجنڈے کو تیزی سے آگے بڑھایا جا رہا ہے، فرسٹ ویمن بینک کی نجکاری مکمل ہو چکی ہے، فریم ورک میں ڈالر سرمایہ کاری کریں گے، پی آئی اے اور تین ڈسکوز کی نجکاری پر بھی کام جاری ہے، پی آئی اے کی نجکاری رواں سال کے اختتام سے پہلے مکمل ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت میں رائٹ سائزنگ کا عمل جاری ہے، 39 وزارتوں کو ضم کیا جارہا ہے، وزارتوں کے انضمام اور غیر ضروری محکموں کی بندش پر 70 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، ملازمین کو نجی شعبے کے برابر پنشن دیئے جارہے ہیں، پنشن اصلاحات بھی ٹیکنالوجی کا حصہ ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مستحکم معاشی ترقی کیلئے آبادی میں اضافہ اور موسمیاتی تبدیلیوں جیسے مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے فنڈز دستیاب ہیں، جنہیں ان کا دانشمندانہ استعمال کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف سے دوسرے جائزے پر اسٹاف لیول ایگریمنٹ ہوگیا، قسط کی ادائیگی کی منظوری کے لیے آئی ایم ایف کے بورڈ کا اجلاس دسمبر کے آغاز میں ہوگا، جاری سمت درست ہے، معیشت پر سرمایہ کاروں کا اعتماد بلند ہے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی پارٹنرز ہمیں فنڈنگ فراہم کرتے رہے، اب سفارتی تعلقات کو سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے استعمال کریں گے، سرمایہ کاری کی قیادت نجی شعبہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ معقول ذہانت پر مبنی نمو کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری انفراسٹرکچر مہیا کریں گے، گوگل نے پاکستان میں دفتر قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، گوگل پاکستان کو ایکسپورٹ حب کے طور پر دیکھ رہا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 32

جائے گا، آئین لوکل حکومت کا تحفظ کرے اور سپریم کورٹ اس کی نگرانی کرے۔ سربراہ ایم کیو ایم کا کہنا تھا کہ مقامی حکومتوں کو اختیارات دے کر مسائل حل کیے جا سکتے ہیں، آئینی ترمیم کے معاملے پر کئی روز سے ان رابطے کر رہے ہیں، ایم کیو ایم کے مرکزی رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ آئین میں لکھا جائے کہ مقامی حکومتوں کی مدت پوری ہونے کے بعد نئے انتخابات ہوں گے، آئین میں وقت کے ساتھ ترامیم ہوتی رہتی ہیں جو ضروری ہے، کسی کو 27 ویں آئینی ترمیم پر حیرانی اور پریشانی نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقامی حکومتوں کے قوانین مزید وضع کرنے کی ضرورت ہے، صوبائی خود مختاری کے ساتھ ساتھ مقامی حکومتوں کی خود مختاری بھی ہونی چاہیے۔ واضح رہے کہ حکومت نے 27 ویں آئینی ترمیم لانے کا اعلان کیا ہے، جس کے لیے اتحادی جماعتوں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 33

سسٹم سے متعلق شکایات کے لئے شہر کے مختلف مقامات پر 11 ٹریفک سہولت مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ سہولت مراکز میں ایس پی ٹرانسفورڈی پی ایل سی اور ڈی ایس پی ٹریفک شہریوں کی شکایات کا ازالہ کررہے ہیں۔ ڈی آئی جی ٹریفک کراچی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شہریوں کے لئے قائم ٹریفک سہولت مراکز میں خوشگوار ماحول فراہم اور عوام دوست اسٹاف تعینات ہے اور چالان سے متعلق شکایات کے لئے شہریوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے سہولت مراکز اور فیس لیس ای ٹکٹنگ سسٹم کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے۔ آئندہ چند روز میں تزئین و آرائش و آلات کی تنصیب کا کام مکمل کرلیا جائے گا۔ اس موقع پر آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور ان کے معیار کا بھی جائزہ لیا۔ آئی جی سندھ نے سہولت سینٹر پر موجود شہریوں سے فیس لیس ای ٹکٹنگ سسٹم سے متعلق گفتگو بھی کی۔ غلام نبی میمن نے اس موقع پر ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ محنت و لگن سے کام کرنے والے ٹریفک پولیس افسران و اہلکاروں کو ریوارڈ دیا جائے۔ فیس لیس ای ٹکٹنگ سہولت کی کامیابی میں ٹریفک پولیس عملے کا مرکزی کردار ہے۔ سہولت مراکز میں ٹریفک پولیس کے بہترین افسران تعینات کیے جائیں اور متاثرہ شہریوں کے لیے سہولت مراکز میں انتظار کی زحمت کو خارج از امکان بنایا جائے۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ ٹریفک سہولت مراکز پر شہریوں کے لیے شکایات اور ازالہ اقدامات کو آسان بنایا جائے۔ ٹریفک نظام اور پولیسنگ میں (انٹیگریشن اور ٹیکنالوجی) کا استعمال ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 34

واقعہ ہی نظر آتی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق شہر میں 5 ہزار اہلکار تعینات ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ کیا وہ واقعی سڑکوں پر ٹریفک کنٹرول کرتے نظر آتے ہیں؟ شہری سوال کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ جب ٹریفک پولیس اہلکاروں کے پاس چالان کا اختیار تھا، تو وہ ہر وقت

کراچی میں بدترین ٹریفک جام منٹوں کا راستہ گھنٹوں میں تبدیل

شہری بری طرح سے رل گئے

نمائش چورنگی بند ہونے کی وجہ سے ملحقہ علاقوں میں بدترین ٹریفک جام ہونے سے ہزاروں شہری بری طرح سے رل گئے' ٹریفک پولیس ناکام ہوگئی

شہری بدترین ٹریفک جام کی وجہ سے اپنی گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بند کرکے کھڑے رہے' وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ضیاالحسن لنجار کا نوٹس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں نمائش چورنگی بند ہونے سے شہر بھر میں ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوا جس کی وجہ سے ہزاروں شہری رل گئے۔ نمائش چورنگی بند ہونے کی وجہ سے ملحقہ علاقوں میں بدترین ٹریفک جام ہونے سے ہزاروں شہری بری طرح سے رل گئے۔ وزیراعلیٰ سندھ اور وزیر داخلہ سندھ نے ٹریفک جام کا نوٹس لیتے ہوئے کراچی پولیس چیف اور ڈی آئی جی ٹریفک کو ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کی ہدایات کیں۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق نشتر پارک میں مذہبی پروگرام کے باعث ایم اے جناح روڈ کیپری سینما سے نمائش چورنگی، سولجر بازار سگنل نمبر 3 جانب بریٹو روڈ سے نمائش چورنگی اور پیپلز چورنگی سے جانب نمائش چورنگی ایم اے جناح روڈ کو ٹریفک کے لیے بند کیا گیا ہے اور اس حوالے سے متبادل راستوں کا اہتمام کیا گیا۔ ٹریفک پولیس متبادل راستوں پر ٹریفک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر16





جہلم کو ایک ماڈل اور ماڈرن شہر بنانے کیلئے کوشاں ہیں، غیاث الدین

کانفرنس میں شہر کی معروف شخصیات کے علاوہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی

ایگزیکٹو باڈی کو شاندار عصرانے پر مدعو کیا اور مکمل غور سے تمام شرکا کی تجاویز کو غور سے سنا اور ڈائری میں قلم بند کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر1

الجزائر نے پاکستان کو افریقہ کا گیٹ وے قرار دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) الجزائر کے سفیر نے پاکستان میں الجزائر کے 71 ویں قومی دن کے موقع پر اسلام آباد میں ایک شاندار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک کی عظیم انقلابی جدوجہد کا جشن منایا اور پاکستانی کاروباری برادری کو الجزائر کی تیزی سے ترقی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر15

ڈپٹی کمشنر محمد اشرف کی زیرصدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا اجلاس

تمام مجسٹریٹس فیلڈ میں جاکر عملی طور پر اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیاں کریں

اوور چارجنگ اور اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ناجائز اضافہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا

بھکر (اعجاز شاہانی) ڈپٹی کمشنر محمد اشرف کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام مجسٹریٹس فیلڈ میں جا کر عملی طور پر اوور چارجنگ کے خلاف کارروائیاں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر3

بیویوں کا زیادہ خیال رکھنے والے شوہروں کے غیر ازدواجی تعلقات ہوتے ہیں' جویریہ سعود

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی نامور میزبان و اداکارہ جویریہ سعود نے کہا ہے کہ میاں بیوی کی جو جوڑی بظاہر بالکل پرفیکٹ نظر آتی ہے، ان میں مسائل ہوتے ہیں۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر17

400 بچوں کو مفت تعلیم فراہم کر رہے ہیں، حاجی سلیم قادری

تجاوزات کے نام پر ہوٹل ریسٹورنٹ سیل کئے جا رہے ہیں، مذمت کرتے ہیں

بچوں کو تعلیم و تربیت فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، سربراہ اسلام انٹرنیشنل ماڈل اکیڈمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسلام انٹرنیشنل ماڈل اکیڈمی میں 400 بچوں کو مفت تعلیم فراہم کی جا رہی ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر4

PAKISTAN HELPLINE WELFARE ASSOCIATION

صالح محمد جمانی گوٹھ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

پاکستان ہیلپ لائن ویلفیئر ایسوسی ایشن اور پاکستان رینجرز سندھ کا مشترکہ اقدام

تمام ٹیسٹ اور چیک اپ ماہر اور تجربہ کار ڈاکٹروں کی نگرانی میں کیے جائیں گے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر2



معاشی ترقی کو پائیداری سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے، فیصل کریم کنڈی

ہمارا ملک قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، ہمارے پاس نوجوان افرادی قوت ہے، ہمیں اپنے وسائل اور افرادی قوت کو مؤثر انداز سے بروئے کار لانا ہوگا

دنیا تیز رفتار تبدیلیوں کے دور سے گزر رہی ہے، ایسے میں درست سمت کا تعین صرف ایک انتخاب نہیں بلکہ وقت کی ضرورت ہے' گورنر خیبر پختونخوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ قومی ترقی کے لیے جدت کو شمولیت، ٹیکنالوجی کو شفافیت اور معاشی ترقی کو پائیداری سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر18

سبزی منڈی میں شفٹنگ الاٹیز سے بھی ٹرانسفر فیس کی وصولی کا انکشاف

سبزی منڈی میں دکانوں کی ٹرانسفر کیلئے 350 روپے فی اسکوائر فٹ کے حساب سے فیس وصول کی جا رہی ہے

اب سبزی منڈی مارکیٹ کمیٹی نے شفٹنگ الاٹیز سے بھی ٹرانسفر فیس کی وصولی شروع کردی' صدر محمد جاوید

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر20

ڈمپر ٹینکر اور ٹرالر مافیا کھلے عام شہریوں کی جانیں لے رہے ہیں

متحدہ اراکین سندھ اسمبلی

سندھ حکومت اور انتظامیہ نے ان قاتل ڈرائیورز اور ہیوی ٹریفک مافیا کے سامنے آنکھیں بند کر رکھی ہیں' قاتل ڈرائیورز آزاد پھر رہے ہیں

یہ سراسر ظلم اور زیادتی ہے' ایم کیو ایم کے سابق رکن سندھ اسمبلی کامران فاروقی کے خلاف ایف آئی آر کے اندراج کی شدید مذمت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر21

ڈمپر ٹینکر مافیا شہریوں کا قتل عام کر رہی ہے مہاجر قومی موومنٹ

ڈمپر مافیا کا سرغنہ افغانی ہے، تو نوے فیصد ڈرائیور افغانی' ملک سے نکالا جائے

مہاجر عوام متحد ہو کر ثابت کردیں کہ یہ شہر کسی کے باپ کی جاگیر نہیں، شوکت فاروقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مہاجر قومی موومنٹ (پاکستان) کے وائس چیئرمین شوکت اللہ فاروقی نے کہا کہ ڈمپر ٹینکر مافیا کی جانب سے شہریوں کا قتل عام کیا جا رہا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر19



میرپورخاص (رپورٹ: ظفر علی خان) سندھ بار کونسل کے نومنتخب رکن بیرسٹر محمد ہاشم لغاری نے ہائیکورٹ بار کے جنرل سیکرٹری عبدالغفار راجپوت ایڈووکیٹ کے ہمراہ میرپورخاص ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سرپرست اعلیٰ احمد سعید قائم خانی ایڈووکیٹ کی رہائشگاہ پر ٹیکس بار اراکین کے تعاون اور حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ ٹیکس بار کی جانب سے سید نوید رحمانی کا اجرک اور پھولوں کے ساتھ پرجوش خیرمقدم کیا گیا۔ اس موقع پر ہائیکورٹ بار کے جوائنٹ سیکریٹری اور ٹیکس بار کے سابق صدر احمد اصغر قائم خانی ایڈووکیٹ بھی موجود تھے

ٹک ٹاکر سارہ بلوچ کو پولیس نے مبینہ تذلیل کا نشانہ بنایا

متاثرہ ٹک ٹاکر سارہ بلوچ کا عمرانی لاڑو پولیس چیک پوسٹ کے اہلکاروں کیخلاف احتجاج

عمرانی لاڑو پولیس کا رویہ اور برتاؤ میرے ساتھ ظالمانہ تھا جس سے میری دل آزاری ہوئی



جیکب آباد کی معروف ٹک ٹاکر سارہ بلوچ کو پولیس نے مبینہ تذلیل کا نشانہ بنایا۔ متاثرہ ٹک ٹاکر سارہ بلوچ کا عمرانی لاڑو پولیس چیک پوسٹ کے اہلکاروں کے خلاف رات کے اوقات میں احتجاج۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر5



ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے سینئر وائس چیئرمین سید افضل حمید کو منعقدہ 15 ویں سالانہ فائر سیفٹی اینڈ سیکیورٹی کنونشن اور ایوارڈز 2025 کے دوران شیلڈ پیش کر رہے ہیں



عدل و انصاف کی بالادستی ہی قوموں کی ترقی کی ضمانت ہے، سید امتیاز الحق بخاری

یہ توقع کی جاتی ہے کہ نومنتخب اراکین عدل و انصاف کے فروغ، قانون کی بالادستی، اور وکلا کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائینگے

پی جی سی گروپ کے چیف ایگزیکٹو کی جانب سے سندھ بار کونسل انتخابات 2025-2030 کے کامیاب امیدواروں کو دلی مبارکباد

کراچی (ویسم قریشی) پی جی سی گروپ کے چیف ایگزیکٹو سید امتیاز الحق بخاری نے سندھ بار کونسل انتخابات 2025-2030 میں کامیابی حاصل کرنے والے تمام امیدواروں کو دلی مبارکباد پیش کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر7



چیئرمین ملیر ٹاؤن وصدر پی ایس 89 جان محمد بلوچ تمام یونینز میں مچھر، ڈینگی اور دیگر حشرات کے خاتمے کیلئے مرحلے وار یوسیز میں اسپرے مہم کا آغاز کر رہے ہیں

حیسکو کی نجکاری اور ملازمین کے مسائل پر واپڈا اور کرز یونین کا احتجاجی مظاہرہ

حکومت کی نجکاری پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی، بھرتیوں پر پابندی ختم کرنے کا

قومی اداروں کو فروخت کرنے کے بجائے ان کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں

میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوئگی) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین میرپورخاص کی جانب سے بروز 5 نومبر 2025 کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر6



میرپورخاص، نیہا چوہان کی قبر کشائی آج ہوگی

اسپیشل میڈیکل بورڈ ریلوے قبرستان میرپورخاص پہنچ گئے

میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوئگی) نیہا چوہان کی قبر کشائی آج ہوگی، اسپیشل میڈیکل بورڈ ریلوے قبرستان میرپورخاص پہنچ گیا، مقدمہ نمبر 28/2025 کے سلسلے میں پوسٹ مارٹم کاعمل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر8



سندھ میں ٹائر جلانے اور پائرولائسز پلانٹس کے آپریشن پر پابندی عائد

ٹائر جلانا، ناقص پائرولائسز پلانٹس خطرناک بیماریوں کا سبب، پابندی کی خلاف ورزی پر پلانٹس ضبطی، بھاری جرمانے اور مستقل بندش جیسی سزائیں شامل

ٹائر جلانے اور ناقص پائرولائسز پلانٹس سے خارج ہونے والے دھوئیں اور زہریلے کیمیکلز نے فضا، زمین اور آبی وسائل کو انتہائی آلودہ کردیا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے صوبہ بھر میں ٹائر جلانے اور پائرولائسز پلانٹس کے قیام و عمل درآمد پر مکمل پابندی عائد کرنے کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر22

بیوہ خواتین کا میرپورخاص پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

مسلم لیگ ن کی رہنما نوشابہ ناز پولیس کی مدد سے ان کے گھر پر قبضہ کرنا چاہتی ہے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) بیوہ خواتین کا میرپورخاص پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11



اگلے وفاقی بجٹ میں ایف ٹی آر سے این ٹی آر میں منتقلی کا جائزہ لیا جائے گا محمد اورنگزیب

آئندہ سال کا بجٹ ایف بی آر نہیں، وزارت خزانہ کا ٹیکس پالیسی آفس تیار کرے گا، وزیر خزانہ

آئی ایم ایف کو ہر مسئلے کا جواز بنانے کے بجائے تاجر برادری کی آئی ایم ایف سے ملاقات کرائی جائے، زبیر موتی والا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9



کراچی: سندھ اسمبلی کے دورہ کرنے والے پنجاب اسمبلی کے وفد کا اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

اپکا یونٹ تعلیمی بورڈ میرپورخاص کے انتخابات، غازی پینل میدان لے لیا

غازی پینل پر بھروسہ کرنے اور کامیاب بنانے پر تمام ساتھیوں کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں

ملازمین کے جائز حقوق کے حصول، مراعات میں اضافے اور مسائل کے حل کے لیے ہرممکن جدوجہد کریں گے



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12

میئر کراچی زہران ممدانی کو نیویارک کا میئر منتخب ہونے پر مبارکباد

زہران ممدانی نے تاریخ رقم کی ہے، وہ افریقہ میں پیدا ہونیوالے پہلے مسلم میئر ہیں

زہران ممدانی کی کامیابی عالمی سطح پر نوجوان قیادت کی شاندار مثال ہے' مرتضیٰ وہاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10

اولڈ سٹی ایریا کھوڑ بازار میں مخدوش عمارت سیل کرنے کیخلاف رپورٹ طلب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں اولڈ سٹی ایریا کھوڑ بازار میں مخدوش قرار دی گئی عمارت سیل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر23

سونے کی عالمی و مقامی قیمتوں میں دوسرے روز بھی کمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کی عالمی و مقامی قیمتوں میں دوسرے روز بھی کمی دیکھی جارہی ہے۔

خواتین کسی بھی جماعت کی ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہیں، اقبال ساند

جو ہماری پارٹی کو اعزاز ہے کہ ملک کی پہلی خاتون وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو بنیں

کہ ہم شرقی سے پیپلز پارٹی کو کامیاب کرا کے ریکارڈ قائم کریں گے۔ ملک گیر جماعت ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13



چیئرمین گڈاپ ٹاؤن طارق عزیز بلوچ نے پٹھیہ گوٹھ میں امین بلوچ سے ان کے سسر کے انتقال پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

حیسکو ملازمین کیلئے نیب یا ایف آئی اے سے رابطے سے قبل پیشگی اجازت لازمی قرار

تحقیقاتی ایجنسی سے براہ راست رابطہ کرنے یا ان کے دفاتر میں پیش ہونے کی اجازت نہیں ہوگی

میرپورخاص (بیورو چیف اقبال سوئگی) حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (حیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی منظوری سے ایک اہم دفتری حکم نامہ جاری کیا گیا ہے، جس کے مطابق اب کسی بھی حیسکو ملازم کو قومی احتساب بیورو (NAB)، وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (FIA) یا کسی بھی دوسری تحقیقاتی ایجنسی سے براہ راست رابطہ کرنے یا ان کے دفاتر میں پیش ہونے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14



امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان سندھ ہائی کورٹ میں ای چالان کے خلاف پٹیشن دائر کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں



نومنتخب ضلع شرقی کی خواتین عہدیداران کے اجلاس کے موقع پر لی گئی تصاویر